E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
روزنامہ
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
شمال
ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | پیر 09 ذیقعدۃ 1447ھ 27 اپریل 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 57

امبریلہ آبشار کے مقام پر 49 سالہ شخص کھائی میں گر جاں بحق

حویلیاں (نمائندہ شمال) تھانہ ناڑہ کی حدود پونا امبریلہ آبشار کے مقام پر افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں 49 سالہ محمد مقظم اسحاق سکنہ اسلام آباد کھائی میں گرنے سے جاں بحق ہو گئے۔ ایس ایچ او تھانہ ناڑہ نے نفری کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

کمپلیکس میں بغیر ڈومیسائل بھرتیوں کا اعلان ہزارہ دشمنی ہے

کلاس فور سے گریڈ 5 1 تک کی سیٹوں پر مقامی نوجوانوں کا حق ہے، حق تلفی نہ کی جائے ، سردار اسد جاوید خان کا اظہار خیال

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ایوب میڈیکل کمپلیکس میں ڈومیسائل کے بغیر بھرتیوں کا اعلان ہزارہ دشمنی ہے، کلاس فور سے گریڈ 15 تک کی سیٹوں پر مقامی نوجوانوں کا حق ہے، بابا حیدر زمان مرحوم کی تمام تر جدوجہد ہی حقوق ہزارہ کے لئے تھی ان خیالات کا اظہار تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنما چیئرمین ویلج کونسل دیوال سردار اسد جاوید خان نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی طرف سے ایوب میڈیکل کمپلیکس میں مختلف پوسٹوں پر بھرتیوں کا اشتہار شائع ہوا جس میں بغیر ڈومیسائل صوبہ بھر سے سینکڑوں افراد کو بھرتی کیا جائے گا چیئرمین سردار اسد جاوید نے کہا کہ ایک منظم سازش کے تحت ہزارہ کے تمام سرکاری اداروں میں غیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

تعمیر وطن مانسہرہ کیمپس کیڈٹ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن ایئر کموڈور محمد سیف الاسلام اور گرلز کیمپس ایبٹ کے ڈائریکٹر اکیڈیمکس محمد شفیق اعوان انٹری ٹیسٹ کے موقع پر طلبہ کے والدین سے خطاب کر رہے ہ

ایم یو جے بیسٹ پرفارمنگ ایوارڈ 2026 منعقد کروانے کا اعلان

مانسہرہ یونین آف جرنلسٹ رجسٹرڈ ضلع مانسہرہ کے قیام کو 45 سال مکمل ہو گئے

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) مانسہرہ یونین آف جرنلسٹ رجسٹرڈ ضلع مانسہرہ کہ قیام کے 45 سال گزرنے کے بعد بیسٹ پرفارمنگ ایوارڈ 2026 منعقدہ کروانے کا اعلان جلد تاریخ کا اعلان کر دیا جائے گا اس سلسلہ میں گزشتہ روز یونین آف جرنلسٹس) ر (ضلع مانسہرہ اشتیاق خان تنولی کا کہنا تھا کہ ضلع بھر کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

پاکستان کا قرضہ اترنے تک ممبران اسمبلیوں کی مراعات اور تنخواہیں بند کی جائیں

قائد اعظم محمد علی جناح کے بعد آنے والے منتخب نمائندوں نے عوام کو ایک وقت کی روٹی سے بھی محروم کر دیا ہے

بجنہ (نامہ نگار) جبتک پاکستان مقروض ہے ممبران اسمبلیوں کی مراعات اور تنخواہیں بند کی جائیں۔ یہ بات سینئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے گزشتہ روز پاکستان جیسے مقروض اور غریب ملک کے منتخب نمائندوں کو اپنے وعدوں کی وفاداری پر ملک اور عوام کی خدمت کی بجائے اپنے لیئے تاحیات مفت مراعات، پرکشش تنخواہوں اور آخری عمر کے ٹھاٹ باٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

مہنگائی سے تنگ شخص نے خودکشی کر لی

تھانہ سکندر آباد کی حدود بانڈہ دلازاک میں قتل یا خودکشی نوجوان کی پھندا لگی نعش برآمد پولیس نے نعش قبضے میں لیکر پوسٹمارٹم کیلیے ہسپتال منتقل کردی، پولیس نے مزید تفتیش شروع کردی ہے

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) تھانہ سکندر آباد کی حدود بانڈہ دلازاک میں قتل یا خودکشی نوجوان کی پھندا لگی نعش برآمد پولیس نے نعش قبضے میں لے کر پوسٹمارٹم کیلئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ایبٹ آباد (بلال خان جدون) سے تھانہ سکندر آباد کی حدود میں واجد نامی شخص نے قرض کی وجہ سے اپنی زندگی کا خاتمہ کیا فیملی ۔ یہ سانحہ اہلِ علاقہ کے لیے گہرے دکھ اور افسوس کا باعث بنا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او سکندر آباد بلال خان اپنی ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے اور نہایت پیشہ ورانہ انداز میں صورتحال کو سنبھالا۔ ابتدائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ سکندر آباد کی حدود، بانڈہ دلزاک میں ایک شخص نے اپنی زندگی سے تنگ آ کر خودکشی کر لی یہ افسوسناک واقع بانڈہ دلزاک روڈ نزد یوٹیلٹی سٹور پیش آیا، جہاں واجد اعوان نامی شخص نے مبینہ طور پر قرضوں کے بوجھ سے دلبرداشتہ ہو کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ یہ سانحہ اہلِ علاقہ کے لیے گہرے دکھ اور افسوس کا باعث بنا ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

سرکلر روڈ پر فائرنگ سے زخمی ہونے والا شخص 14 روز بعد زندگی کی بازی ہار گیا

سرکلر روڈ پر فائرنگ کے نتیجے میں باپ بیٹا شدید زخمی ہو گے اور بیٹا موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا تھا، زخمی باپ بھی چل بسا

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر ساجد اعوان سے) بیٹے کے قتل کے چودویں روز والد بھی چل بسا دو ہفتے قبل سرکلر روڈ پر فائرنگ کے نتیجے میں باپ بیٹا شدید زخمی ہو گے اور بیٹا موقع پر ہی ہری پور (کرائم رپورٹر) ہری پور تھانہ سٹی کی حدود سرکلر روڈ پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

تحریک ضلع تناول کے زیر اہتمام مانسہرہ چنار روڈ زیر نگرانی اجلاس

تنظیم کے عہدیداران اور ممبران نے بڑی تعداد میں شرکت کی، ضلع کے مطالبہ پر زور دیا گیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار + نمائندہ شمال) ضلع مانسہرہ کے علاقے تناول میں تحریک ضلع تناول کے زیر اہتمام مانسہرہ چنار روڈ زیر نگرانی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

فیکلٹی اضافی چارج کی بنیاد پر اہم انتظامی عہدوں پر کام کر رہی ہے

ہری پور (کرائم رپورٹر) پشاور ہائی کورٹ کے احکامات اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

تعمیر وطن کے تمام کیمپسز میں ایف ایس سی پارٹ ون کے لئے انٹری ٹیسٹ

سینکڑوں طلبا وطالبات کی انٹری ٹیسٹ میں شرکت، نتائج کا اعلان کل بروز منگل کو ہوگا

ایبٹ آباد (چیف رپورٹر) تعمیر وطن پبلک سکولز اینڈ کالجز کے تمام کیمپسز میں ایف ایس سی پارٹ ون میں داخلوں کیلئے انٹری ٹیسٹ۔ سینکڑوں طلبا وطالبات کی انٹری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

ہری پور دو مختلف حادثات میں پانچ افراد زخمی ہو گئے

ہری پور (نیوز رپورٹر) ہری پور دو مختلف حادثات میں پانچ افراد زخمی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

مانسہرہ میں خواجہ سراء کا رو دھار کر بچے سے بدفعلی کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم قاسم ولد جہاندار سکنہ شاہنواز چوک مانسہرہ کے خلاف زیر دفعہ 376 PPC کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے جس سے تفتیش جاری ہے

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) تھانہ لاری اڈہ مانسہرہ پولیس نے بدفعلی کے امقدمہ میں فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ واقعہ کا مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم قاسم ولد جہاندار سکنہ شاہنواز چوک مانسہرہ کے خلاف زیر دفعہ 376 PPC کے تحت مقدمہ درج کیا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تھانہ لاری اڈہ پولیس نے بچہ بدفعلی کیس کا ہیجرہ کے روپ میں مرد گرفتار کر لیا بدفعلی کا ملزم گرفتار ایف آئی آر درج جعلی شی میل کے روپ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

بانڈہ دلازاک میں خودکشی کرنیوالا شخص

پٹرول قیمتوں میں اضافہ سے مہنگائی میں بھی مزید اضافہ ہوگا

قیمتوں میں اضافہ عام آدمی پر اضافی بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے، سرکاری ونجی شعبہ

ہری پور (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

مالی بے ضابطگیوں کے مبینہ کیس میں پیشرفت سامنے آئی ہے

کوہستان کے 5 ٹھیکیداروں کی جانب سے 4 کروڑ روپے بوگس چیکوں کے ذریعے بے ضابطگی ہوئی ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) کوہستان کے 5 ٹھیکیداروں کی جانب سے سرکاری خزانے سے 4 کروڑ روپے بوگس چیکوں کے زریعے نکلوانے کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

ہری پور میں ناروا اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی

معمولاتِ زندگی بری طرح درہم برہم ہو چکے ہیں۔ شدید گرمی میں بجلی کی بار بار بندش نے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے

ہری پور (بیورو رپورٹ) ہری پور میں ناروا اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہونے لگی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق شہر اور گردونواح میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ بندش کا سلسلہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

ایبٹ آباد شمال ایچ ڈی نیوز کی ٹیم کا گروپ فوٹو

(AWS) موسمیاتی اسٹیشن انسٹالیشن سائیڈ

ٹیوب ویل کے لنک اتارنے سے ہزاروں افراد پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

کروالہ ٹان، محلہ گوجر موہڑہ سمیت گردونواح کے علاقوں میں پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے، شہریوں شدید مشکلات کا سامنا

ہری پور (چیف رپورٹر) نگیلا روڈ پر واقع ٹیوب ویل کے لنک اتار لئے جانے کے باعث شدید گرمی میں ہزاروں افراد پر مشتمل آبادی پانی کی بوند بوند کو ترسنے لگی۔ ذرائع کے مطابق کروالہ ٹان، محلہ گوجر موہڑہ سمیت گردونواح کے علاقوں میں پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ گزشتہ چار روز سے پانی کی فراہمی مکمل طور پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

آر ایچ سی پھلڑہ میں ایکسرے پلانٹ واپسی کے ذمہ دار منتخب ممبران ہوں گے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) آر ایچ سی پھلڑہ میں ٹرانسفارمر نہ ہونے پر ایکسرے پلانٹ کی واپسی کے منتخب ممبران ذمہ دار ہوں گے ایک ڈاکٹر کی جانب سے علاقہ کی عوام کے لئے لایا گیا ایکسرے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

زرعی انکم ٹیکس کے نفاذ کے حوالے سے ایک اہم تربیتی سیشن کا انعقاد

زرعی انکم ٹیکس کے قانون، اس کے نفاذ، طریقہ کار اور عملی پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی

ہری پور (نیوز رپورٹر) زرعی انکم ٹیکس کے نفاذ کے حوالے سے ایک اہم تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں ورلڈ بینک کے کنسلٹنٹس مسٹر مشتاق حسنین اور مسٹر منظور وٹو نے شرکا کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے زرعی انکم ٹیکس کے قانون، اس کے نفاذ، طریقہ کار اور عملی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ سیشن میں متعلقہ گرداوران اور فیلڈ ریونیو سٹاف نے بھرپور شرکت کی اور مختلف امور پر رہنمائی حاصل کی۔ اس موقع پر مقررین نے واضح کیا کہ زرعی انکم ٹیکس کے مؤثر نفاذ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

ہری پور، خان برادران کا گورنمنٹ ہائی سکول سرائے نعمت خان میں کروڑوں روپے کی لاگت سے ری کنسٹرکشن کے افتتاح کے بعد علاقہ معززین کے ہمراہ گروپ فوٹو

اوگی۔۔سواتی سولر سسٹم کی افتتاحی تقریب کے موقع پر صدر ایوان تجارت اوگی عطاء اللہ تنولی ودیگر کافروں فوٹو

قانونی اداروں کی ملی بھگت کے باعث قبضہ مافیا بے لگام

ایبٹ آباد میں شہریوں کی زمینوں پر دن دیہاڑے ناجاز قبضے ہونے لگے

ایبٹ آباد (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ایبٹ آباد قانونی اداروں کی ملی بھگت کے باعث قبضہ مافیا بے لگام شہریوں کی زمینوں پر دن دیہاڑے ناجاز قبضے ہونے لگے قبضہ مافیا کے ستائے ہوے متاثرہ عوام عدالتوں کے چکر لگا لگا کے تھک گئے لیکن کہیں بھی شنوائی نہیں ہو رہی قبضہ مافیا کے کارندے غریب عوام کی زمینوں پر قبضے کر کے انہیں ساری زندگی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

پھلڑہ ممتاز قانون دان صابر حسین تنولی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ اظہار خیال کر رہے ہیں

محکمہ موسمیات کے زیر اہتمام موسمیاتی اسٹیشن تعیناتی کا کام شروع

موسم کے بارے میں معلومات حاصل کر کے اپنے ویب سائیٹس اور میڈیا پر نشر کیا جاتا ہے

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) محکمہ موسمیات کے ریجنل ڈائریکٹر پشاور سینئر محمد اعجاز نے ناران میں (AWS) موسمیاتی اسٹیشن تعیناتی کا کام شروع کیا جس سے بروقت تازہ ترین موسم کے بارے جانا جاتا ہے، وادی ناران ایک سیاحتی مقام ہے جہاں سیزن میں ہزاروں سیاح کا رخ وادی ناران کی پرفضا مقامات کی طرف ہوتا ہے، اور بابو سر ٹاپ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

حویلیاں، تھانہ ناڑہ کی حدود پونہ ہزارہ آبشار پر اسلام آباد کا گر کر جاں بحق ہونیوالا شخص

اڑھائی کروڑ سے مکمل کی جانیوالی داتا ٹیوب ویل واٹر سپلائی سکیم ناکارہ

بچھائی گئی پانی کی پائپ لائنیں بھی کئی مقامات سے غائب ہونے والی مبینہ بے ضابطگیوں میں ملوث عناصر کو بے نقاب کرنے کا مطالبہ

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار) نااہل سروئیر کے مبینہ غلط سروے اور محکمہ و ٹھیکیدار کی ناقص حکمت عملی کے باعث تقریباً ڈھائی کروڑ روپے کی خطیر رقم سے مکمل کی جانے والی داتا ٹیوب ویل واٹر سپلائی اسکیم ناکارہ ہو کر رہ گئی ہے۔ عوام نے اس منصوبے میں ہونے والی مبینہ بے ضابطگیوں میں ملوث عناصر کو بے نقاب کرنے کا مطالبہ بھی کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق منصوبہ عرصہ دراز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

فخر سرائے صالح میر اعلی خان اور قبیلہ اعوان کا عظیم اعزاز

ملک انس ریاض نے پاکستان ملٹری اکیڈمی کے 153 لانگ کورس کی کامیاب تربیت مکمل

ہری پور (نیوز رپورٹر) فخر سرائے صالح میر اعلی خان اور قبیلہ اعوان کا عظیم اعزاز، چھجیاں گھمنواں کے ہمارے نہایت محترم، ہر دلعزیز اور پیارے بھائی ملک ریاض اعوان کے ہونہار فرزند ملک انس ریاض نے پاکستان ملٹری اکیڈمی کے 153 لانگ کورس کی کامیاب تربیت مکمل کرتے ہوئے سیکنڈ لیفٹیننٹ کے طور پر پاک فوج میں کمیشن حاصل کر لیا۔ یہ کامیابی نہ صرف ان کے والدین بلکہ پورے خاندان، عزیز و اقارب اور علاقہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

مانسہرہ خاکی اور پڑھنہ فیڈر پر واپڈا کی ناروا لوڈشیڈنگ جاری

خاکی (کرائم رپورٹر) مانسہرہ خاکی اور پڑھنہ فیڈر پر واپڈا کی ناروا لوڈشیڈنگ جاری لوڈشیڈنگ سے کاروبار زندگی معطل، عوام کا جینا محال ہوگیا، عوام میں شدید اضطراب، کوئی پرسان حال نہیں، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

دربند میں کامیاب سالانہ عظمت قرآن و دستار فضیلت کانفرنس

کانفرنس میں طلبا کے والدین واقارب، اور میڈیا نمائندگان کی جانب سے بھرپور شرکت

کھلابٹ (محمد آصف اعوان + رپورٹنگ ٹیم) جامع مسجد مکی الاعوان و مکتب عمر بن خطاب محلّہ دربند میں کامیاب سالانہ عظمت قرآن و دستار فضیلت کانفرنس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

کھلابٹ، جامع مسجد مکی الاعوان و مکتب عمر بن خطاب محلّہ دربند میں عظمت قرآن و دستار فضیلت کانفرنس سے قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر کے رکن مولانا قاری پیر مظہر شاہ خطاب کرتے ہوئے

ٹانڈہ پل کے پارہوٹل کے کمروں میں ایل پی جی گیس سلنڈر نصیب کر دیئے

پابندی کے باوجود وہاں پر کھلے عام نوزل لگا کر منی گاڑیوں میں فلنگ کی جارہی ہے

شنکیاری (بیورو چیف) تھانہ شنکیاری اور تھانہ بفہ کی حدود ٹانڈہ پل کے پارہوٹل کے کمروں میں ایل پی جی گیس کے بڑے بڑے سلنڈر نصب کر دیئے گئے ہیں اور وہاں پر کھلے عام نوزل لگا کر منی گاڑیوں میں فلنگ کی جارہی ہے ایل پی جی گیس پر کھلے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفر آباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

سروے۔۔گیلپ، این آر سی، آئی سی ایل

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر
پلاٹ نمبر 6-A سال اسٹریٹ اسٹیٹ ایبٹ آباد
فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر: 0314-5003149
فیکس 0992-385575,385576,385578
Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک مینگورہ سوات
فون نمبرز 0946-711788,711700
فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو
جمیل صادق (ایڈیٹر) محمد اکبر (بیورو چیف) موبائل: 0333-5034273

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کاٹھے والا موڑ فورجیو فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبرز 021-2752266,2752421
فیکس 021-2752422
Email: shamalkarachi@yahoo.com

ہری پور بیورو
محمد جاوید عباسی
ایڈریس ایس ایچ او آفس سرکلر روڈ بھلالی بائیپاس کالج کے پاس ہری پور
فون نمبر: 0995-612424
فیکس نمبر: 0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
بیورو چیف نمبر: 0334-5008600
بلگرام۔ شیر خان (ایڈیٹر) 0301-8149023
ٹی آئی ٹی بیدا (ایڈیٹر) 0304-676144,0993-447049

مظفر آباد
عقیب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
فون نمبر 05822-446938
فیکس۔ 05822-446842
Email: shamalmzd2011@gmail.com

موبائیل بیورو
سید عبدالقدوس شاہ گیلانی (ایڈیٹر) 0902-810890
ایڈیٹر چیف۔ مظفر بشیر اعوان
ایڈیٹر۔ رفیق الحسن
ٹرافک۔ فرخ امین

پیر 09 ذیقعدہ 1447ھ 27 اپریل 2026ء 2083ب

مہنگائی کا عفریت اور انسانی جان کی بے قدری

ایبٹ آباد کے نواحی گاؤں بانڈہ دلازک میں پیش آنے والا افسوسناک واقعہ، جہاں ایک شخص نے مہنگائی کے ہاتھوں تنگ آ کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا، ہمارے معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ یہ محض ایک فرد کی موت نہیں بلکہ اس نظام پر ایک سوالیہ نشان ہے جو عام آدمی کو جینے کے بنیادی حق سے بھی محروم کر رہا ہے۔

زمینی حقائق اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کر رکھا ہے۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، بجلی اور گیس کے بل عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکے ہیں، جبکہ روزگار کے مواقع دن بدن کم ہوتے جا رہے ہیں۔

ایک دیہاڑی دار یا کم آمدنی والا شخص جب اپنے بچوں کا پیٹ پالنے سے عاجز آ جائے، تو اس کے ذہن پر کیا گزرتی ہوگی، اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ بانڈہ دلازک کا یہ واقعہ دراصل ہزاروں خاموش چیخوں کی نمائندگی کرتا ہے، جو اس وقت ملک کے مختلف حصوں میں گونج رہی ہیں۔

افسوسناک امر یہ ہے کہ حکومتی دعووں اور اعداد و شمار کے برعکس، زمینی سطح پر کوئی مؤثر ریلیف نظر نہیں آتا۔ سرکاری پیکجز، سبسڈیز اور اعلانات محض کاغذی کارروائیاں بن کر رہ گئے ہیں، جبکہ عام آدمی کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرے میں ذہنی دباؤ اور معاشی مشکلات کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا۔ خودکشی جیسے انتہائی اقدام کے پیچھے اکثر بے بسی، ناامیدی اور معاشرتی لاتعلقی کارفرما ہوتی ہے۔ اگر بروقت مدد، ہمدردی اور سہارا فراہم کیا جائے تو شاید کئی قیمتی جانیں بچائی جا سکتی ہیں۔

حکومت اور متعلقہ اداروں کے لیے یہ لمحہ محاسبہ ہے کہ وہ محض بیانات سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کریں۔ مہنگائی پر قابو پانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے ٹھوس حکمت عملی ناگزیر ہو چکی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ معاشرے کے ہر فرد کو بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا تاکہ کوئی شخص خود کو اتنا تنہا اور مجبور نہ سمجھے کہ وہ زندگی جیسی نعمت سے ہی منہ موڑ لے۔ اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لیے گئے تو ایسے سانحات میں اضافہ ہو سکتا ہے، اور یہ معاشرہ مزید بے حسی کی دلدل میں دھنستا چلا جائے گا۔

صالح آصف: جدید ٹیکنالوجی میں پاکستان کی نمائندگی

کراچی کی سرزمین سے ایک ایسی متاثر کن کہانی سامنے آئی ہے جس نے نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی ٹیکنالوجی حلقوں میں بھی خاصی توجہ حاصل کی ہے۔ نوجوان پاکستانی نژاد ٹیک ماہر صالح آصف ان باصلاحیت افراد میں شامل ہیں جو جدید دور میں مصنوعی ذہانت کے میدان میں نئی راہیں ہموار کر رہے ہیں۔ ان کی کامیابی ایک امید افزا مثال ہے کہ کس طرح محنت، علم اور وژن انسان کو عالمی سطح تک لے جا سکتے ہیں۔

صالح آصف کا تعلق کراچی سے ہے، جہاں انہوں نے ابتدائی زندگی گزاری اور کم عمری سے ہی ٹیکنالوجی میں گہری دلچسپی لینا شروع کر دی۔ محدود وسائل کے باوجود انہوں نے اپنی محنت اور شوق کو کبھی کمزور نہیں پڑنے دیا بلکہ ہر مشکل کو سیکھنے کے ایک نئے موقع میں تبدیل کیا۔ یہی مستقل مزاجی ان کی شخصیت کا سب سے نمایاں پہلو بن کر سامنے آئی۔

تعلیم کے دوران ہی انہوں نے پروگرامنگ اور سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانا شروع کر دیا تھا۔ وہ گھنٹوں کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ کر نئے آئیڈیاز پر کام کرتے، مسائل کا حل تلاش کرتے اور اپنی مہارت کو مزید نکھارتے رہتے تھے۔ یہی وہ بنیاد تھی جس نے انہیں مستقبل میں ایک کامیاب ٹیک انٹرپرینیور بننے میں مدد دی۔

بعد ازاں وہ بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھے اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبے میں اپنی پہچان بنائی۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت جیسے تیزی سے ترقی کرتے ہوئے میدان میں قدم رکھا، جہاں مقابلہ انتہائی سخت ہے، مگر انہوں نے اپنی محنت اور ذہانت سے خود کو نمایاں کیا۔

صالح آصف ان افراد میں شامل ہیں جو AI اسٹارٹ اپ "Cursor" کے شریک بانی ہیں۔ یہ کمپنی سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ کے عمل کو جدید بنانے اور پروگرامرز کے لیے آسان بنانے کے مقصد کے تحت قائم کی گئی، جس نے مختصر وقت میں ہی خاصی مقبولیت حاصل کر لی۔

دنیا کی کئی بڑی ٹیکنالوجی کمپنیاں جیسے NVIDIA، Adobe اور Uber جدید AI ٹولز اور کوڈنگ آٹومیشن کے رجحان کی طرف تیزی سے بڑھ رہی ہیں، جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ صالح آصف جیسے افراد کا کام کس قدر اہم اور بروقت ہے۔

حالیہ عرصے میں ایک اہم پیش رفت اس وقت سامنے آئی جب SpaceX نے Cursor کے ساتھ ایک اسٹریٹجک

پارٹنرشپ قائم کی۔ یہ تعاون مصنوعی ذہانت کو مزید مؤثر انداز میں استعمال کرنے کی جانب ایک اہم قدم سمجھا جا رہا ہے، خاص طور پر ایسے شعبوں میں جہاں پیچیدہ سسٹمز اور ڈیٹا کا استعمال ہوتا ہے۔

یہ بھی رپورٹ کیا گیا ہے کہ Elon Musk کی کمپنی SpaceX کے پاس مستقبل میں Cursor کو حاصل کرنے کا ایک آپشن موجود ہے، جس کی ممکنہ مالیت اربوں ڈالر تک بتائی جاتی ہے۔ تاہم یہ ایک حتمی معاہدہ نہیں بلکہ ایک ممکنہ آپشن ہے، جسے حالات کے مطابق استعمال کیا جا سکتا ہے۔

یہ پیش رفت اس بات کا ثبوت ہے کہ مصنوعی ذہانت کا شعبہ کس قدر تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور اس میں نئے آنے والے باصلاحیت افراد بھی عالمی سطح پر اپنی جگہ بنا سکتے ہیں۔ صالح آصف کی کامیابی اسی رجحان کی ایک واضح مثال ہے۔

صالح آصف کی کہانی ہمیں یہ بھی بتاتی ہے کہ کامیابی صرف وسائل کی محتاج نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے عزم، مستقل مزاجی اور سیکھنے کا جذبہ زیادہ اہم ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنے سفر میں کئی چیلنجز کا سامنا کیا مگر کبھی ہمت نہیں ہاری۔

کراچی جیسے بڑے مگر مسائل سے بھرپور شہر سے نکل کر عالمی ٹیکنالوجی کے میدان میں جگہ بنانا کسی بھی نوجوان کے لیے آسان کام نہیں، لیکن صالح آصف نے یہ ثابت کر دیا کہ اگر انسان میں لگن ہو تو وہ ہر رکاوٹ کو عبور کر سکتا ہے۔

ان کی کامیابی پاکستانی نوجوانوں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ وہ بھی جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھ سکتے ہیں۔ دنیا آج ڈیجیٹل دور میں داخل ہو چکی ہے جہاں مہارت اور علم سب سے بڑی طاقت ہیں۔

یہ کہانی ہمیں یہ سبق بھی دیتی ہے کہ تعلیم اور ٹیکنالوجی پر توجہ دے کر ہم نہ صرف اپنی زندگی بدل سکتے ہیں بلکہ اپنے ملک کا نام بھی روشن کر سکتے ہیں۔ ایسے افراد قوم کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔

صالح آصف نے اپنے کام کے ذریعے یہ ثابت کیا ہے کہ پاکستانی نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے، جسے اگر درست مواقع اور رہنمائی ملے تو وہ دنیا کے کسی بھی ملک کے نوجوانوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔

ان کی کامیابی نے عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کیا ہے، جو کہ موجودہ دور میں نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ دنیا اب پاکستان کو صرف روایتی خبروں سے نہیں بلکہ ٹیکنالوجی اور جدت کے حوالے سے بھی دیکھ رہی ہے۔

یہ پیش رفت اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ آنے والے وقت میں مصنوعی ذہانت اور ٹیکنالوجی کا کردار مزید بڑھنے والا ہے، اور ایسے میں صالح آصف جیسے نوجوان اس تبدیلی کا اہم حصہ بن سکتے ہیں۔

اگر پاکستان میں ٹیکنالوجی کے شعبے کو مزید فروغ دیا جائے اور نوجوانوں کو مناسب مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ بھی عالمی سطح پر اسی طرح کی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ وقت ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو حوصلہ دیں، انہیں جدید تعلیم اور مہارتوں سے آراستہ کریں تاکہ وہ مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کر سکیں اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

صالح آصف کی کہانی صرف ایک فرد کی کامیابی نہیں بلکہ ایک امید ہے، ایک پیغام ہے اور ایک تحریک ہے جو ہر نوجوان کو آگے بڑھنے اور کچھ بڑا کرنے کا حوصلہ دیتی ہے۔

یہ سفر ابھی جاری ہے اور آنے والے وقت میں صالح آصف جیسے باصلاحیت افراد مزید کامیابیاں حاصل کر کے نہ صرف اپنا بلکہ پاکستان کا نام بھی روشن کرتے رہیں گے۔

بے روزگاری کا سلگتا الاؤ

تحریر: رفیع صحرائی

پاکستان اس وقت ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑا ہے جہاں بے روزگاری محض ایک معاشی مسئلہ نہیں رہی بلکہ یہ ایک ہمہ گیر سماجی بحران کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ حالیہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ چند برسوں میں بیروزگاری کی شرح میں تشویشناک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ 2018 میں بے روزگاری کی شرح 6.9 فیصد، 2021 میں 6.3 فیصد اور اب مختلف غیر سرکاری اندازوں کے مطابق یہ شرح 8 فیصد سے بھی تجاوز کر چکی ہے مگر ان مایوس کر دینے والے اعداد و شمار کے پیچھے چھپی تلخ حقیقت یہ ہے کہ ملک کی تقریباً 54 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے اور یہی نوجوان آج سب سے زیادہ بے یقینی اور مایوسی کا شکار ہیں۔

ایسے حالات میں حکومتِ پنجاب کی جانب سے محکمہ سکول ایجوکیشن اور اس سے منسلک دفاتر میں گریڈ 1 سے 16 تک کی 30,391 خالی آسامیوں کا خاتمہ ایک ایسا فیصلہ ہے جس نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ یہ محض چند ہزار نوکریوں کا خاتمہ نہیں بلکہ لاکھوں خوابوں کی تدفین ہے۔ وہ خواب جو والدین نے اپنی بنیادی ضروریات قربان کر کے اپنے بچوں کی تعلیم پر سرمایہ کاری کی صورت میں دیکھے تھے۔ غریب اور متوسط طبقے کسی سرکاری ملازمت کی آس میں اپنے بچوں کو پڑھاتا ہے۔ اس حکومتی حوصلہ شکنی کے بعد یہ طبقہ سوچنے پر مجبور ہوگا کہ اپنے بچوں کو بچپن ہی میں مزدوری کروائی ہے، کسی مکینک کے پاس ہنر سکھانا ہے یا پڑھا لکھا کر بے روزگاری کے عذاب میں مبتلا کرنا ہے۔ حکومت کے اس عمل سے ملک میں شرح خواندگی کا گراف مزید نیچے آئے گا جو پہلے ہی 60 فیصد کے قریب ہے۔ یوں ہم ترقی پذیر سے پسماندگی کی جانب تیزی سے گامزن ہیں۔ اس کے ذمہ دار عوام نہیں بلکہ ہماری حکومت اور اس کے نمائندے ہیں۔

حکومت کی جانب سے یہ مقف اختیار کیا جا رہا ہے کہ اس اقدام سے قومی خزانے پر بوجھ کم ہوگا مگر سوال یہ ہے کہ کیا مالی بوجھ کم کرنے کا یہی واحد راستہ رہ گیا ہے؟ کیا ریاست کی ذمہ داری صرف اخراجات کم کرنا ہے یا اپنے شہریوں کو باعزت روزگار فراہم کرنا بھی اس کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ اس قسم کے فیصلے وقتی طور پر مالی اعداد و شمار کو بہتر ضرور دکھا سکتے ہیں مگر طویل المدت بنیادوں پر یہ معیشت اور

معاشرے دونوں کے لیے زہرِ قاتل ثابت ہوتے ہیں۔

بیروزگاری کا سب سے بھیانک پہلو یہ ہے کہ یہ نوجوانوں کو ذہنی دباؤ، احساسِ محرومی اور سماجی بے چینی کی طرف دھکیلتی ہے۔ عالمی اداروں کی رپورٹس کے مطابق پاکستان میں ہر سال تقریباً 20 لاکھ نوجوان عملی زندگی میں قدم رکھتے ہیں جبکہ نئی ملازمتوں کے مواقع اس رفتار کا ساتھ نہیں دے پا رہے۔ نتیجتاً یا تو نوجوان عارضی ملازمتوں (جیسے STI کے جال میں پھنس جاتے ہیں، یا کم اجرت والے نجی شعبے کے استحصالی نظام کا شکار ہو جاتے ہیں، یا پھر ملک چھوڑنے کو ہی بہتر سمجھتے ہیں۔

یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ سرکاری نوکریاں ہمیشہ سے متوسط طبقے کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی رہی ہیں۔ ان کے ذریعے نہ صرف گھروں کے چولہے جلتے ہیں بلکہ ایک سماجی استحکام بھی قائم رہتا ہے۔ جب یہی سہارا ختم کر دیا جائے تو معاشرتی ناہمواری میں اضافہ ناگزیر ہو جاتا ہے۔ آج پاکستان میں دولت کی تقسیم پہلے ہی غیر متوازن ہے۔ چند فیصد اشرافیہ وسائل پر قابض ہے جبکہ اکثریت بنیادی ضروریات کے لیے ترس رہی ہے۔ ایسے میں روزگار کے مواقع کم کرنا گویا اس خلیج کو مزید گہرا کرنا ہے۔

معاشی ماہرین کے مطابق اگر بیروزگاری کی شرح میں صرف ایک فیصد اضافہ ہو تو جرائم کی شرح میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر میں حکومتیں مشکل معاشی حالات کے باوجود روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اولین ترجیح دیتی ہیں۔ لیکن ہمارے ہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے جہاں موجود مواقع کو بھی ختم کیا جا رہا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت فوری طور پر اس فیصلے پر نظرِ ثانی کرے۔ خالی آسامیوں کو ختم کرنے کے بجائے میرٹ پر مستقل بنیادوں پر بھرتیوں کا عمل شروع کیا جائے۔ ساتھ ہی ساتھ ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم کو فروغ دے کر نوجوانوں کو ہنرمند بنایا جائے تاکہ وہ نہ صرف ملکی معیشت کا حصہ بن سکیں بلکہ عالمی منڈی میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔

یہ بھی وقت کی اہم ضرورت ہے کہ پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کے درمیان ایک متوازن شراکت داری قائم کی جائے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) کو سہولیات فراہم کی جائیں اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جائے کیونکہ جب تک معیشت کا پہیہ تیزی سے نہیں گھومے گا، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونا ممکن نہیں۔

ہمیں یہ حقیقت فراموش نہیں کرنی چاہیے کہ نوجوان کسی بھی قوم کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔ اگر یہی سرمایہ مایوسی، بیروزگاری اور بے یقینی کی دلدل میں دھنس جائے تو ترقی کے خواب محض خواب ہی رہ جاتے ہیں۔ ایک مضبوط، خوشحال اور متوازن معاشرے کی بنیاد صرف اسی وقت رکھی جا سکتی ہے جب ریاست اپنے نوجوانوں کو باعزت اور پائیدار روزگار فراہم کرنے کو اپنی اولین ترجیح بنائے ورنہ بے روزگاری کا یہ سلگتا ہوا الاؤ کسی بھی وقت شعلہ بن کر پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔

شہداء کے نام سے منسوب ادارے: محض تختیاں یا فکری مراکز؟

فیچر رپورٹ: راجہ جمیل صدیق خان ایڈووکیٹ

آزاد جموں و کشمیر میں شہداء کے نام سے منسوب سرکاری تعلیمی ادارے اور دیگر تنصیبات بلاشبہ قومی سطح پر ایک باوقار اور قابلِ تحسین روایت کی علامت ہیں۔ یہ اقدام نہ صرف قربانیوں کے اعتراف کا اظہار ہے بلکہ نئی نسل کو ان عظیم شخصیات کے کردار، حوصلے اور حب الوطنی سے روشناس کرانے کا ایک مؤثر ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔ تاہم سوال یہ ہے کہ کیا ان اداروں کو واقعی وہ فکری، نظریاتی اور تربیتی حیثیت دی جا رہی ہے جس کا تقاضا اس عظیم نسبت سے پیدا ہوتا ہے؟ یا یہ نام محض رسمی تختیوں تک محدود ہو کر اپنی اصل روح کھو رہے ہیں؟

اسی تناظر میں نائیک سید محمد حسین شاہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول باندی سیداں میں منعقد ہونے والی ایک پروقار مگر جذباتی الوداعی تقریب ایک اہم مثال کے طور پر سامنے آتی ہے۔ یہ تقریب ادارے کے صدر معلم جناب واجد خورشید عباسی کے تبادلے کے موقع پر منعقد ہوئی، جس میں طلباء، اساتذہ اور معزز مہمانوں نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا ماحول بظاہر ایک رسمی الوداعی تقریب کا تھا، مگر اس کے پس منظر میں ایک گہرا پیغام پوشیدہ تھا—ایسے افراد جو اپنی محنت، خلوص اور قیادت سے اداروں کو حقیقی معنوں میں زندہ کرتے ہیں، وہی اصل روح ہوتے ہیں۔ طلباء کی جانب سے اپنے محبوب استاد کو پیش کیا گیا خراجِ تحسین اس بات کا ثبوت تھا کہ ایک مخلص معلم محض نصاب نہیں پڑھاتا بلکہ کردار سازی اور فکری تربیت میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ کئی طلباء کی آنکھوں میں آنسو اس بات کا اظہار تھے کہ اساتذہ کا اثر محض کلاس روم تک محدود نہیں رہتا بلکہ زندگی بھر ساتھ چلتا ہے۔ تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شریک پرنسپل جناب راجہ زبیر حسین نے نہ صرف واجد خورشید عباسی کی خدمات کو سراہا بلکہ نئے صدر معلم جناب عبرالغفور عباسی کو ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد بھی دی۔ ان کا کہنا تھا کہ اداروں کی ترقی کا دارومدار محض عمارتوں پر نہیں بلکہ ان افراد پر ہوتا ہے جو انہیں وژن اور سمت دیتے ہیں۔ سینئر صدر معلم جناب عبرالغفور عباسی نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اظہار کیا کہ ادارے میں جاری ترقیاتی کاموں کو مکمل کیا جائے گا اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ یہ عزم اپنی جگہ اہم ہے، مگر اس کے ساتھ اسے وسیع تر سوال بھی جڑا ہوا ہے کہ کیا یہ ترقی صرف انفراسٹرکچر تک محدود رہے گی یا اس میں فکری و نظریاتی پہلو بھی شامل ہوں گے؟

ڈسٹرکٹ اسکاؤٹس سیکرٹری ضلع جہلم ویلی، محمد محمود کھوکھر نے سکاؤٹنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے طلباء کی ہمہ جہت تربیت پر زور دیا۔ ان کا پیغام دراصل اسی وسیع تر مقصد کی طرف اشارہ تھا کہ تعلیمی ادارے محض تعلیمی ڈگریاں دینے کے مراکز نہیں بلکہ ذمہ دار شہری تیار کرنے کی نرسریاں ہوتے ہیں۔ یہ تمام صورتحال اس امر کی متقاضی ہے کہ شہداء کے نام سے منسوب اداروں کو محض نام کی حد تک نہ رکھا جائے بلکہ انہیں عملی طور پر "نظریاتی مراکز" میں تبدیل کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے ایک جامع اور مربوط حکمت عملی کی ضرورت ہے۔

اسی ضمن میں یہ تجویز نہایت اہمیت کی حامل ہے کہ چیف سیکرٹری آفس اور کمانڈر چنار ڈویژن میجر جنرل ضرار محمود کی سربراہی میں ایک "سپیشل ڈیسک" قائم کیا جائے، جو شہداء سے منسوب اداروں اور تنصیبات کے معاملات کو اولین ترجیحات میں شامل کرے۔ اس ڈیسک کا مقصد صرف انتظامی نگرانی نہ ہو بلکہ یہ اداروں میں نظریاتی، تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے ایک فعال پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے۔ اگر شہداء کے نام سے ادارے منسوب کرنے کے بعد بھی وہاں کوئی نمایاں تبدیلی محسوس نہ ہو، نہ نصاب میں، نہ سرگرمیوں میں، نہ طلباء کی فکری سمت میں تو یہ عمل اپنی معنویت کھو کر محض رسمی کارروائی بن کر رہ جائے گا۔ ایسی صورت میں نہ تو شہداء کی قربانیوں کا حق ادا ہو سکے گا اور نہ ہی نئی نسل کو وہ فکری سمت ملے گی جس کی انہیں اشد ضرورت ہے۔

لہٰذا ایک مشترکہ فورم کی تشکیل وقت کی اہم ضرورت ہے، جس میں پاک فوج، محکمہ تعلیم، لواحقینِ شہداء اور چیف سیکرٹری آفس کے نمائندگان شامل ہوں۔ یہ فورم نہ صرف پالیسی سازی کرے بلکہ اس کے نفاذ کو بھی یقینی بنائے، تاکہ شہداء کے نام سے منسوب ادارے واقعی قومی نظریے کے محافظ اور فکری تربیت کے مراکز بن سکیں۔ مقررین کے اظہارِ خیال کے مطابق واجد خورشید عباسی جیسے مخلص اساتذہ اس بات کی عملی مثال ہیں کہ اگر قیادت مخلص ہو تو محدود وسائل کے باوجود بھی ادارے ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتے ہیں۔ مگر اس انفرادی کاوش کو ایک منظم اور پائیدار نظام میں ڈھالنا وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے، ورنہ اندیشہ یہی ہے کہ عظیم ناموں کی نسبت بھی محض ایک "کارِ لاحاصل" بن کر رہ جائے گی۔

ایک نہایت اہم اور حساس پہلو یہ بھی توجہ کا متقاضی ہے کہ نائیک سید محمد حسین شاہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول باندی سیداں میں موجودہ نظم و نسق سے قبل کے دور کا بھی شفاف جائزہ لیا جائے۔ ذرائع کے مطابق سابق صدر معلم عبدالقیوم کے دور میں ادارے کے لاکھوں روپے کے فنڈز واجب الادا رہے، جن کے بارے میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ انہیں مضبوط سیاسی پشت پناہی کے باعث بغیر مکمل حساب دیے استعمال کیا گیا اور بعد ازاں وہ ادارہ چھوڑ گئے۔ اگر یہ صورتحال درست ہے تو یہ نہ صرف مالی بے ضابطگی بلکہ ایک قومی امانت میں خیانت کے مترادف ہے، خصوصاً اس تناظر میں کہ ادارہ ایک شہید کے نام سے منسوب ہے۔ لہٰذا چیف سیکرٹری اور سیکرٹری تعلیم کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس معاملے کی باقاعدہ انکوائری کروائیں، مکمل آڈٹ ریکارڈ سامنے لایا جائے اور یہ واضح کیا جائے کہ آیا مذکورہ فنڈز ادارے کو واپس ملے یا تاحال واجب الادا ہیں۔ احتساب اور شفافیت کے بغیر نہ اداروں کی ساکھ بحال ہو سکتی ہے اور نہ ہی شہداء کے نام سے منسوب ان اداروں کا تقدس برقرار رکھا جا سکتا ہے۔

اعلان لاتعلقی



میں اپنے حقیقی بھائی ثاقب شاہ ولد ایوب شاہ سے بوجہ نافرمانی مکمل لاتعلقی کا اعلان کرتا ہوں اور اس سے کسی بھی قسم کا لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا میں حقیقی بھائی کے قول و فعل اور لین دین کا ذمہ دار نہیں

منجانب: ظہیر شاہ ولد ایوب شاہ سکنہ گاؤں وڈاکخانہ ترہا بالا تحصیل و ضلع مانسہرہ

درستگی نام

میرے والد کا نام منشی ولد عبدالخالق ہے جو کہ نادرہ کے ریکارڈ میں غلطی سے منشی ولد زمان لکھا گیا ہے لہذا درستگی کی جائے

منجانب: محمد یوسف ولد منشی (مرحوم) سکنہ چھجڑ پکھا تحصیل بفہ پھل ضلع مانسہرہ

اطلاع عام

میرے والد سید نور حسن شاہ ولد سید میاں شاہ فوت ہو چکے ہیں جن کے شرعی وارثان میں مسماۃ بی بی اختر بیوہ، مسیبان انصار علی شاہ، شاہ فیصل، عامر شاہ، عظمت علی شاہ، عاطف حسین شاہ پسران و مسماتان شگفتہ بی بی، بی بی عذرہ نور دختران شامل ہیں ان کے علاوہ کوئی وارث نہیں عذر اعتراض کی صورت میں اندرسات یوم حلقہ پٹوار سے رجوع کریں

منجانب: عاطف حسین شاہ ولد سید نور حسن شاہ سکنہ بائی تری ضلع مانسہرہ

اطلاع عام

میرے والد غلام اکبر ولد محمد عجب خان فوت ہو چکے ہیں جن کے شرعی وارثان میں مہر افزون بیوہ، شاہد علی، ساجد علی، راشد علی، یاسر جمال، عامر اکبر پسران و مسماتان رخسانہ سعید، گل نم، دلربا، ثمینہ اکبر، زولیش اکبر دختران ہیں ان کے علاوہ اور کوئی شرعی وارث نہیں اگر کسی کو اعتراض ہو تو اندرسات یوم حلقہ پٹوار شنئی بالا سے رجوع کرے

منجانب: شاہد علی ولد غلام اکبر ساکن شنئی بالا تحصیل و ضلع مانسہرہ

تلاش گمشدہ

میرا پاسپورٹ نمبر FP6858251 بنام محمد وسیم ولد محمد خالد، سکنہ بھیر کنڈ، مانسہرہ، جو کہ دوران سفر گم ہو گیا ہے میں نے اس سلسلے میں متعلقہ تھانہ میں رپورٹ (ایف آئی آر) درج کرا دی ہے۔ اگر کسی کو مذکورہ پاسپورٹ ملے تو براہ کرم قریبی پولیس اسٹیشن میں جمع کرا دیں۔ اس کے غلط استعمال کی صورت میں میں ذمہ دار نہ ہوں گا۔

منجانب: محمد وسیم ولد محمد خالد سکنہ، بھیر کنڈ، مانسہرہ، ڈاکخانہ بھیر کنڈ رابطہ نمبر: 03135830319



بقیہ 1 نعش

ہوئے جاں بحق شخص کی نعش گہری کھائی سے نکال کر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق شخص اپنے دیگر 8 دوستوں کے ہمراہ اسلام آباد سے سیاحت کی غرض سے امبریلہ آبشار آیا تھا، تاہم دورانِ سیر یہ افسوسناک حادثہ پیش آیا۔

بقیہ 2 تعینات

مقامی لوگوں کو تعینات کر کے مقامی نوجوانوں کی حق تلفی کی جاتی ہے جس پر ہمارے منتخب نمائندوں کی خاموشی بھی قابل افسوس ہے انہوں نے کہا کہ ایوب میڈیکل کمپلیکس میں ہونے والی بھرتیوں میں غیر مقامی لوگوں کی تعیناتی کو قبول نہیں کیا جائے گا کلاس فور سے سکیل 15 تک مقامی اضلاع کا حق ہے لیکن صوبائی اسمبلی میں بیٹھے ہزارہ دشمن عناصر جان بوجھ کر ہزارہ ڈویژن کو پسماندہ رکھنے کی کوشش کر رہی ہے سردار اسد جاوید خان نے کہا ہزارہ سے منتخب ممبران اسمبلی عوامی نمائندگی کا حق ادا کرتے ہوئے اس ظلم کو روکیں۔

بقیہ 3 مسائل

صحافی برادری کے مسائل حل اور انکے جائز حقوق کا دفاع پہلے بھی کیا ہے اور آہندہ بھی کرونگا انکا کہنا تھا بیسٹ پرفامس ایوارڈ تقریب میں چیف ایڈیٹر آف شمال گروپ نیاز پاشا جدون مرحوم کی اپنی صحافتی خدمات کے پیش نظر اور صوبہ ہزارہ حصول کیلئے دی جانی والی قربانیوں پر اور تحریک صوبہ ہزارہ پاکستان سردار بابا حیدر زمان مرحوم کی جانب سے آواز بلند رکھنے پر خراج عقیدت پیش کیا جائے گا، اس موقع پر صدر اشتیاق خان تنولی کا مئد کہنا تھا کہ وہ اپنی آخری سانس تک جدوجہد جاری رکھے گے یاد رہے صدر یونین آف جرنلسٹس اشتیاق خان تنولی کی خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں اشتیاق خان تنولی نے ہمیشہ صحافی برادری کے مسائل حل اور کے جائز حقوق کی بازیابی کیلئے آواز بلند کرتے آرہے ہیں رمضان المبارک کے دوران صدر اشتیاق خان تنولی نے سفید پوش صحافیوں کیلئے مالی امداد کی اور بڑے فورڈ پیج فراہم کیا ہے جس پر صحافی برادری انجوخراج تحسین پیش کرتے ہیں

بقیہ 4 قائد

کی خواہش میں ہاتھ پاؤں مارتے دیکھ کر شمال کو بتائی۔انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کے بعد آنے والے منتخب نمائندوں نے آج پاکستان کو قرض کی اس لعنت اور عوام کو ایک وقت کی روٹی سے بھی محروم کر دیا ہے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ قوم دیکھ رہی ہے کہ ہمارے ملک کے ایوانوں میں عوام کے لیٹیکم خرچ بجلی ،روزگار کے مستقبل زرائع کی فراہمی ،مفت صحت،تعلیم اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کی بجائے ممبران کو مہینہ طور پر اپنی مفت مراعات، پرکشش تنخواہوں اور تاحیات کرپشن فری ماحول کی فراہمی کی فوری قانون سازی کرتے دیکھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب تک پاکستان قرض کی لعنت میں مبتلا ہے ملک کی تمام سیاسی جماعتیں ایسے افراد کو پارٹی ٹکٹ دیں جو کہ حلفا بغیر تنخواہوں اور مفت مراعات اسمبلیوں میں ملک اور قوم کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں۔

بقیہ 5 تفتیش

ہسپتال منتقل کردی پولیس نے مختلف زاویوں سے کیس کی چھان بین شروع کر کے ابتدائی تفشیش شروع کردی اس ضمن میں زرائع نے بتایا کہ گزشتہ روز تھانہ سکندر آباد کی حدود بانڈہ دلازاک میں واجد اعوان نامی شخص نے قرضے اور مالی مشکلات سے تنگ کرخودکشی کرلی ہے واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی نعش کو قبضے میں لے کر پوسٹمارٹم کیلیے ہسپتال منتقل کی بعدازاں نعش لواحقین کے حوالے کردی گی پولیس نے تفشیش شروع کردی

بقیہ 6 تحقیقات

تحقیقات مکمل کرنے کے بعد قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے نعش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ان کی بروقت کارروائی، ذمہ داری اور فرض شناسی قابلِ تحسین ہے۔ یہ واقعہ ہم سب کے لیے ایک لمحہ فکریہ ہے کہ ہمیں اپنے اردگرد موجود افراد کی مشکلات کو سمجھنا چاہیے اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کا سہارا بننا چاہیے تاکہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 7 ایکشن

میں مرد نے پندرہ سالہ بچے کو ہوس کا نشانہ بنا ڈالا تھانہ لاری اڈہ مانسہرہ کا فوری ایکشن ملزم کو بروقت گرفتار کرلیا میڈیکل معائنہ کے بعد پرچہ درج ملزم قاسم ولد جہاندار سکنہ شاہنواز چوک مانسہرہ کے خلاف زیر دفعہ 376 PPC کا مقدمہ درج تفتیش شروع ملزم نے پندرہ سالہ بچے کو ورغلا پھسلا کر شاہنواز چوک اپنے کمرے میں لے گیا اور ہوس کا نشانہ بنا ڈالا جسکی اطلاع پولیس کو دی گئی اور ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے ملزم نے خواجہ سرا کا روپ دھار رکھا ہے مانسہرہ میں کئی مقامات پر مردوں نے ٹرانجنڈرز کا روپ دھارا ہوا ہے اور وہ مختلف ناچ گانوں کی محفلوں میں جاتے ہیں اور بے حیائی کا سبب بن رہے ہیں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پولیس چھان بین کرے اور ایسے عناصر کے خلاف کاروائیاں تیز کی جائیں متاثرہ طالب علم ریحان شاہ کے بھائی سعد شاہ نے پولیس تھانہ لاری اڈہ مانسہرہ میں رپورٹ کا اندراج کروایا جس پر پولیس نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا

بقیہ 8 ملزم

گیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزم نے مبینہ طور پر خواجہ سرا کا روپ دھار رکھا تھا اور پندرہ سالہ طالب علم کو ورغلا پھسلا کر شاہنواز چوک میں واقع اپنے کمرے میں لے گیا جہاں اسے ہوس کا نشانہ بنایا گیا۔ واقعہ کی اطلاع متاثرہ طالب علم ریحان شاہ کے بھائی سعد شاہ نے تھانہ لاری اڈہ مانسہرہ میں دی، جس پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ متاثرہ بچے کا میڈیکل معائنہ بھی کروا لیا گیا ہے جبکہ پولیس نے باقاعدہ مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مانسہرہ میں بعض مقامات پر چند افراد خواجہ سرا کا روپ دھار کر مختلف محفلوں اور تقریبات میں شرکت کرتے ہیں جس سے معاشرتی مسائل جنم لے رہے ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پولیس ایسے عناصر کی مکمل چھان بین کر کے ان کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ پولیس حکام کے مطابق واقعہ کی ہر پہلو سے تحقیقات جاری ہیں اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 9 اطلاع

۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او سکندر آباد بلال خان اپنی ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے اور نہایت پیشہ ورانہ انداز میں صورتحال کو سنبھالا۔ ابتدائی تحقیقات مکمل کرنے کے بعد قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے نعش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ان کی بروقت کارروائی، ذمہ داری اور فرض شناسی قابلِ تحسین ہے۔ یہ واقعہ ہم سب کے لیے ایک لمحہ فکریہ ہے کہ ہمیں اپنے اردگرد موجود افراد کی مشکلات کو سمجھنا چاہیے اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کا سہارا بننا چاہیے تاکہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 10 مسترد

اضافے کو ہری پور کے شہریوں نے مسترد کرتے ہوئے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ تاجروں، سرکاری ونجی شعبے کے ملازمین اور مزدور طبقے کا کہنا ہے کہ اس اضافے سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا اور عوام کی مشکلات دوچند ہو جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق شہریوں کا کہنا ہے کہ پہلے ہی اشیائے خوردونوش، بجلی اور دیگر ضروریات زندگی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، ایسے میں پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ عام آدمی پر اضافی بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے کے باعث روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں بھی اضافہ متوقع ہے۔ تاجر برادری نے کہا کہ کاروباری لاگت میں اضافے سے کاروبار متاثر ہوگا جبکہ چھوٹے دکاندار پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں۔ سرکاری ونجی ملازمین کا کہنا تھا کہ تنخواہیں وہی ہیں مگر اخراجات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس سے گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ مزدور طبقے نے بھی شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دیہاڑی دار افراد کے لیے گزر بسر مزید مشکل ہو جائے گی۔ شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 11 کیس

مالی بے ضابطگیوں کے مبینہ کیس میں پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی اوپن انکوائری نمبر 03/2026 50-60 مورخہ 22 اپریل 2026 کے تحت تحقیقات جاری ہیں۔ اینٹی کرپشن کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ اکانٹس آفس کولائی پالس کی جانب سے متعلقہ محکمے کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے ان ٹھیکیداروں کی ادائیگیاں روکنے کی ہدایت کی گئی ہے جن کے معاملات انکوائری کے دائرہ کار میں آئے ہیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ زیرِ التوا کلیمز کو قواعد کے مطابق نمٹایا جائے اور مزید ادائیگیوں سے کیس کی کلیئرنس تک گریز کیا جائے۔ دوسری جانب دستیاب ریکارڈ کے مطابق 4 کروڑ روپے کی مالی ٹرانزیکشنز نیشنل بینک ایبٹ آباد کے ذریعے کی گئیں، جبکہ استعمال ہونے والی چیک بک کے اندراج سے متعلق محکمانہ ریکارڈ میں ابھی تک کوئی وضاحت سامنے نہیں آسکی ہے۔ ذرائع کے مطابق اسی پہلو کی بنیاد پر انکوائری ٹیم متعلقہ ریکارڈز کی چھان بین کر رہی ہے۔ مزید برآں، انکوائری کے دوران یہ پہلو بھی زیرِ غور ہے کہ آیا مذکورہ چیک بک محکمہ مواصلات وتعمیرات (C&W) سے متعلق تھی یا نی ایم اے کولائی پالس کے دائرہ اختیار میں آتی ہے، جس کے لیے دونوں محکموں کے ریکارڈ کی کراس ویریفکیشن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ اکانٹس آفس کی جانب سے مراسلہ C&W حکام کو ارسال کیے جانے سے یہ شبہ ظاہر ہوتا ہے کہ ادائیگیوں کا طریقہ کار مذکورہ محکمے کے ذریعے زیرِ عمل تھا، تاہم حتمی ذمہ داری کا تعین انکوائری مکمل ہونے کے بعد ہی ممکن ہوگا۔ دوسری جانب C&W حکام نے اپنے مقف میں کسی بھی بے ضابطگی کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام مالی امور قواعد و ضوابط کے مطابق انجام دیے گئے۔ اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق تحقیقات تاحال جاری ہیں اور حتمی نتائج سامنے آنے تک کسی حتمی رائے کا اظہار قبل از وقت ہوگا۔

بقیہ 12 جاری

گزشتہ کئی دنوں سے جاری ہے، جس کے باعث معمولاتِ زندگی بری طرح درہم برہم ہو چکے ہیں۔ شدید گرمی میں بجلی کی بار بار بندش نے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے، گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ تاجر برادری بھی شدید پریشانی کا شکار ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ لوڈشیڈنگ کے باعث کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے، خاص طور پر چھوٹے کاروباری افراد کو مالی نقصان کا سامنا ہے۔ دوسری جانب طلبہ بھی متاثر ہو رہے ہیں کیونکہ بجلی نہ ہونے کے باعث وہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھنے میں مشکلات کا شکار ہیں۔ شہریوں نے متعلقہ اداروں کے خلاف شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم کیا جائے اور شیڈول کے مطابق بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کو مزید مشکلات سے بچایا جا سکے۔

بقیہ 13 رپورٹ

ہو گئے۔ محمد آصف اعوان کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ 45 دنوں کے دوران ضلع بھر میں 200 سے زائد افراد ٹریفک حادثات میں زخمی جبکہ 40 سے زائد افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ہری پور میں حادثات تواتر سے جاری ہیں۔ گزشتہ روز ہونے والے دو ٹریفک حادثات میں مزید پانچ افراد زخمی ہوئے ہیں۔ واقعہ کے مطابق سری پنڈوری روڈ پر پنڈوری کے قریب موٹرسائیکل پھسل گیا۔ حادثے کے نتیجے میں 31 سالہ فضل الٰہی اور 57 سالہ سلیم خان زخمی ہوگئے۔ جبکہ بانڈی منیم میں خانپور روڈ پر موٹرسائیکل پھسل گیا۔ حادثے کے نتیجے میں 18 سالہ ناصر، 20 سالہ عادل اور 25 سالہ اعجاز زخمی ہوگئے۔ باں ڈی منیم حادثے میں زخمی ہونے والے تمام افراد آبپس میں بھائی ہیں اور بانڈی منیم کے رہائشی ہیں۔ اس سے قبل ضلع بھر میں عیدالفطر کے بعد سے اب تک متعدد ٹریفک حادثے پیش آئے جن میں 200 سے زائد افراد زخمی اور 40 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے ہیں

بقیہ 14 اعلان

ٹیسٹ میں شرکت۔ نتائج کا اعلان (کل) منگل کو کیا جائے گا۔ طلبا وطالبات منگل کو متعلقہ کیمپس میں اپنے نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ اتوار کے روز تعمیر وطن گرلز کیمپس ایبٹ آباد گرلز کیمپس میر پور کاغان کالونی کیمپٹان شپ کیمپس مانسہرہ اور پنجاب چوک کیمپس مانسہرہ میں ایف ایس سی پارٹ ون میں داخلوں کیلئے انٹری ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ مانسہرہ کیمپسز میں ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن ایئر کموڈور محمد سیف السلام اور ڈائریکٹر اکیڈیمکس سعدیہ رشید گرلز کیمپس ایبٹ آباد میں ڈائریکٹر اکیڈیمکس محمد شفیق اعوان میر پور کیمپس میں ڈائریکٹر اکیڈیمکس کرنل منور جبکہ کاغان کالونی کیمپس میں مینجنگ ڈائریکٹر طلحہ ایوب کی نگرانی میں ایف ایس سی پارٹ ون میں داخلوں کیلئے انٹری ٹیسٹ منعقد ہوئے۔ ایف ایس سی پارٹ ون میں پری میڈیکل پری انجینئرنگ اور کمپیوٹر سائنس گروپ میں داخلے دیئے جارہے ہیں۔ انٹری ٹیسٹ میں 60 فیصد سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلبا وطالبات داخلہ کیلئے اہل ہوں گے۔ تعمیر وطن کے ترجمان کے مطابق گرلز کیمپس میر پور میں طالبات کیلئے 100 جبکہ گرلز کیمپس جناح آباد میں طالبات کیلئے 500 نشستیں مختص ہیں۔ کاغان کالونی بوائز کیمپس کی پہلی شفٹ میں طلبا کیلئے 300 جبکہ سیکنڈ شفٹ میں 120 نشستیں مختص ہیں۔ ٹان شپ کیمپس مانسہرہ میں طلبا کیلئے 240 جبکہ پنجاب چوک کیمپس مانسہرہ میں طالبات کیلئے 240 نشستیں مختص ہیں۔ انٹری ٹیسٹ کے موقع پر تعمیر وطن گرلز کیمپس ایبٹ آباد کے ڈائریکٹر اکیڈیمکس محمد شفیق اعوان نے طلبا وطالبات کے والدین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعمیر وطن میں طلبہ کی تعلیم کے ساتھ ان کی کردارسازی پر بھی بھرپور توجہ دی جارہی ہے۔ تعمیر وطن کی انتظامیہ نے حسب روایت سیشن 2026-27 کیلئے بھی ہونہار طلبہ کی حوصلہ افزائی کیلئے میرٹ اسکالرشپ پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ ادارہ میں 33 فیصد طلبہ کو سالانہ اسکالرشپس دیئے جائیں رہے ہیں۔ نویں کلاس میں 570 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے ہونہار طلبہ کو سالانہ 4 لاکھ روپے 540 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلبہ کو سالانہ 3 لاکھ روپے جبکہ 510 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلبہ کو سالانہ 2 لاکھ روپے کے اسکالرشپس دیئے جائیں گے۔ محمد شفیق اعوان نے کہا کہ میرٹ اسکالرشپس پروگرام کے علاوہ حفاظ طلبا کیلئے خاتم النبین ﷺ اسکالرشپ پروگرام اور یتیم طالبات کیلئے ایثار اسکالرشپ پروگرام کے تحت طلبہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ میر پور کیمپس میں گرلز کیمپس کا اجرا کردیا گیا ہے۔ کاغان کالونی کیمپس میں 2 شفٹوں کا بھی آغاز کیا جارہا ہے۔ ڈائریکٹر اکیڈیمکس نے کہا کہ طلبا کی نصابی سرگرمیاں مزید نکھارنے اور اساتذہ کی استعداد کار بڑھانے کیلئے ٹیچرز کی ٹریننگ بھی شروع کی جارہی ہیں۔ اس تربیتی پروگرام میں اساتذہ کو ایس ایل او کی بنیاد پر سوالات اور آئی ٹی کی تربیت دی جائے گی۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ والدین اپنے بچوں کی بہترین تعلیم وتربیت کیلئے ادارہ سے اپنا مکمل تعاون یقینی بنائیں۔

بقیہ 15 اجلاس

رستم خان تنولی ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں تنظیم کے عہدیداران اور ممبران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں تناول کو ضلع کا درجہ دینے کے مطالبے پر تفصیلی غور کیا گیا اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر قومی تحریک ضلع تناول کے عہدیداران میں شامل رستم خان تنولی، پروفیسر عبدالرزاق، غلام سرور تنولی، ڈاکٹر فرحاد اقبال تنولی، منیر حسین تنولی، جاوید تنولی، ساجد تنولی، اشتیاق تنولی، بشیر تنولی، جان محمد تنولی، محمد افضل تنولی، نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تناول کے عوام طویل عرصے سے اپنے بنیادی حق کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ ان کے مطالبے کو تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر تناول کو ضلع کا درجہ دے دیا جاتا ہے تو یہ علاقے کے عوام کی سب سے بڑی کامیابی ہوگی۔ اجلاس میں شریک رہنماں کا کہنا تھا کہ اگر حکومت کی جانب سے ان کے مطالبے کو نظر انداز کیا گیا یا انہیں ان کے حق سے محروم کرنے کی کوشش کی گئی تو وہ سخت ردعمل دیں گے۔ مقررین نے خبردار کیا کہ ایسی صورت میں آئندہ انتخابات میں ان نمائندوں کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے گا جو تناول کو ضلع بنانے کی حمایت نہیں کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تناول کے عوام اپنے حق کے حصول کے لیے ہر حد تک جانے کو تیار ہیں اور اگر ضرورت پڑی تو اسمبلیوں کے سامنے بھرپور احتجاج بھی کیا جائے گا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ جو بھی عوامی نمائندہ ان کے مطالبے کی حمایت کرے گا اسے بھرپور عزت اور حمایت دی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تناول کو ضلع کا درجہ دلانے کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور اس مقصد کے حصول تک چین سے نہیں بیٹھا جائے گا۔

بقیہ 16 ہدایات

خیبر پختونخوا ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ہدایات کے باوجود یونیورسٹی آف ہری پور میں تدریسی فیکلٹی اضافی چارج کی بنیاد پر اہم انتظامی عہدوں پر کام کر رہی ہے سرکاری ریکارڈ کے مطابق یونیورسٹی آف ہری پور میں متعدد فیکلٹی ارکان تدریسی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ اضافی چارج کی بنیاد پر انتظامی عہدوں پر بھی فائز ہیں، باوجود اس کے کہ پشاور ہائی کورٹ اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی واضح ہدایات موجود ہیں۔ گریڈ 18 سے 21 کے 22 فیکلٹی ارکان قانونی اور انتظامی عہدوں پر کام جاری رکھے ہوئے ہیں، کے پی یونیورسٹیز ایکٹ کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، سرکاری ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے کہ بی ایس اٹھارہ (لیکچرر) سے لے کر بی ایس اکیس) پروفیسر (تک کے متعدد فیکلٹی ممبران امتحانات کے کنٹرولر، ڈائریکٹر ورکس، ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، ڈائریکٹر کیریئر ڈیولپمنٹ سینٹر، ایڈیشنل ڈائریکٹر یونیورسٹی ایڈوانسمنٹ سیل، ڈائریکٹر اورک، ایڈیشنل ڈائریکٹر ایف اے ڈی، ڈائریکٹر کیو ای سی، ڈائریکٹر اورک، ڈائریکٹر ایس آر بی، ڈائریکٹر اکیڈمکس، ڈائریکٹر یونیورسٹی ایڈوانسمنٹ سیل، چیف پروکٹر، ڈائریکٹر آئی ٹی سروسز، ڈائریکٹر ایڈمیشنز، بین الاقوامی طلبہ کے فوکل پرسن، ایڈیشنل ڈائریکٹر اورک، ریزیڈنٹ وارڈن، سینئر وارڈن، ڈائریکٹر اسپورٹس اور ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی جیسے انتظامی عہدوں کا اضافی چارج سنبھالے ہوئے ہیں۔

بقیہ 17 قتل

فائرنگ کے واقعہ میں شدید زخمی ہونے والا سابق کونسلر شی تھری، چوہدری ایاز بھی ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ مقتول چوہدری ایاز گولیاں لگنے کے بعد 14 دن تک انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج تھا، یاد رہے کہ مقتول باپ بیٹا دو ہفتے قبل سرکلر روڈ محلہ رمضانی میں اپنے گھر کے پاس اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہوئے تھے۔ پہلے چوہدری ایاز کا جواں سال بیٹا چوہدری عظمت جاں بحق ہوا جبکہ آج شدید زخمی چوہدری ایاز بھی ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ تھانہ سٹی پولیس نے دوہرے قتل واقعہ میں ملوث ایک ملزم کو حراست میں لیا ہوا ہے جس سے تفتیش جاری ہے جبکہ دوسرے ملزم کو تاحال گرفتار نہیں کیا جا سکا۔

بقیہ 18 رول

کیلئے عدالتوں کے چکر لگانے پر مجبور کر دیتے ہیں محکمہ مال میں خسرات نمبر آگے پیچھے کر کے جعلی انتقالات کی بدولت یہ گروہ دیدہ دلیری سے مظلوم عوام کی زمینوں پر قبضے کر دیتے ہیں پٹواری سے لیکر گردوار تک رشوت لیکر با آسانی شہریوں کی زمینوں پر قبضے کرنے میں مدد کرتے ہیں اس ضمن میں مبینہ زرائع نے روزنامہ شمال کو بتایا کہ ایبٹ آباد شہر میں پنجاب پشاور اور دیگر اضلاع سے آئے ہوئے قبضہ مافیا کے گروہوں نے مقامی قبضہ مافیا کے کارندوں سے گٹھ جوڑ کر کے غریب اور مظلوم شہریوں کی زمینوں پر سرعام قبضے کرنے دیکھائی دیتے ہیں جنہیں مکمل طور پر قانونی اداروں کی آشیر باد حاصل ہے متاثرہ عوام نے ڈپٹی کمشنر ایبٹ باد اور ڈی پی او ایبٹ باد سے مطالبہ کیا ہے کہ خدارا ایسے بدمعاش قبضہ مافیا کے گروہوں کو بے نقاب کر کے انہیں جیل کی سلاخوں کے پیچھے دھکیل کر متاثرہ عوام کو ان سے ان کی قبضہ کی ہوئی زمینوں کو واپس دلانے میں اپنا رول ادا کریں۔

بقیہ 19 سیاح

، گلگت بلتستان جانے کے لئے بھی زیادہ مناسب راستہ یہی چنا جاتا ہے۔ تو اسی وجہ سے ڈائریکٹر محمد اعجاز نے بروقت موسم کی حال جاننے کے لئے (AWS) سسٹم لگانے کے لئے کافی تگ ودو کی یہ ایک خودمختار شمسی توانائی سے چلنے والا نظام ہے جو بغیر کسی انسانی مداخلت کے دور دراز یا ایسے علاقوں میں لگایا جاسکتا ہے جہاں رہنے میں دشواری ہو جیسے وادی ناران ایک پرفضا سیاحتی مقام جہاں پر ہزاروں کی تعداد سیاح فیملیز کے ساتھ آتے تو ایسے علاقوں کے موسم کے بارے میں جاننا بہت ضروری ہوتا ہے تاکہ سیاحوں کو کسی مشکل حالات کا سامنا کرنا نہ پڑے وادی ناران میں برف باری کی وجہ سے گلیشیر زیادہ آتے جس کی وجہ سردیوں میں آمدورفت مشکل ہوتا ہے تو ایسی صورتحال حال میں واحد (AWS) موسمیاتی اسٹیشن ہی بہترین حل ہے۔ جس سسٹم سے تازہ ترین موسم کے بارے میں معلومات حاصل کر کے اپنے ویب سائیٹس اور میڈیا پر نشر کیا جاتا ہے تاکہ سیاحوں کو آنے سے پہلے اس علاقہ میں موسم کے بارے علم ہو۔

بقیہ 20 حفاظ کرام

کا،علما دین سمیت قرا حفاظ کرام علاقہ معززین، دستار بندی والے طلبا کے والدین و اقارب، اور میڈیا نمائندگان کی جانب سے بھرپور شرکت، عظمت قرآن و دستار فضیلت کانفرنس کے مہمان خصوصی عظمت قرآن و دستار فضیلت کانفرنس کے مہمان خصوصی ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر و امیر مرکز خدام الامہ پاکستان پیر مظہر سعید شاہ تھے۔ جبکہ دیگر مہمانان گرامی میں مولانا عمار خان یاسر، مولانا مفتی عبدالمالک، مولانا اخلاق حسین سواتی، مولانا واحد بخش سمیت مقامی علما کرام و مفتیانِ کرام اور حفاظ کرام میں مولانا قاری جمیل اختر، مولانا قاری پروفیسر ڈاکٹر مفتی نوید خان انجم، مولانا انس، مولانا مفتی توقیر الحسن سیماب ،مولانا محسن امین، مولانا ابو بکر، مولانا فرید اللہ حیدری، مولانا کامران گلزار، قاری عبدالحلیم، حافظ نذیر فرید، مولانا قاری مدثر تاج و حافظ تنویر، و دیگر علما دین، مفتیان کرام، قرا، حفاظ ونعت خواں و جامع مسجد مکی الاعوان و مکتب عمر بن خطاب کے جملہ طالب علموں کے علاوہ جامع مسجد مکی الاعوان کے منتظمین حاجی محمد جہانگیر، اعجاز احمد، ملک سلطان محمد، محمد جاوید و دیگر اور محلّہ در بند کے ہر شعبے سے وابستہ افراد کی بہت بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ جبکہ اس موقع پر در بند میڈیا گروپ کی ٹیم، کھلابٹ کی آواز، در بند ایکشن کمیٹی کے ذاکر خان تنولی، شہریار خان، ملک محمد عارف اعوان صغیر احمد وکی تنولی، فاضل تاج اور سول ڈیفنس کے ابو بکر، محمد شعیب احتشام احمد، عمیر خان اور حساس اداروں کے افسران و اہلکاروں اور تھانہ کھلابٹ پولیس بھی موجود تھی۔ عظمت قرآن و دستار فضیلت کانفرنس میں جامع مسجد مکی الاعوان و مکتب عمر بن خطاب کے فارغ التحصیل 22 طلبا کرام کی دستار بندی کی گئی اور انہیں اسناد پیش کرتے ہوئے طالب علموں اور ان کے والدین و اہلخانہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ عظمت قرآن کانفرنس سے علما کرام و مہمانان گرامی کی جانب سے فکر انگیز خطبات میں قرآن پاک کی عظمت، قران پاک سیکھنے اور سکھانے والوں کی عظمت واہمیت، جامع مسجد مکی الاعوان و مکتب عمر بن خطاب کا دین اسلام کی اشاعت و ترویج و تبلیغ میں کردار اور خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی اور اسے نہ صرف محلّہ در بند بلکہ پورے علاقے کے لیئے خیر و عافیت کا باعث قرار دیا گیا۔ عظمت قرآن و دستار فضیلت کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر علاقہ عوام کی جانب سے تمام منتظمین اور جامع مسجد مکی الاعوان و مکتب عمر بن خطاب کی انتظامیہ و دیگر رضا کاروں کو مبارکباد پیش کی جارہی ہے۔

بقیہ 21 نوٹس

عام انتظامیہ کی جانب سے فلنگ پر پابندی کے باوجود ہر کسی کا گاڑیوں اور گھریلو استعمال کے سلنڈروں میں ایل پی جی گیس 450 روپے کلو کے حساب فروخت کی جارہی ہے شکیاری میں ایل پی جی گیس کے من مانے نرخ مقرر گیارہ کلو گھریلو سلنڈر پانچ ہزار روپے سے پچپن سو روپے میں فروخت ہو رہا ہے بعض مقامات پر پانچ سو روپے اور دہی علاقوں میں چھ سو روپے کلو فروخت ہو رہی ہے بار بار انتظامیہ کے علم میں لانے کے باوجود ایل پی جی مافیا کے خلاف قانونی کارروائی نہ ہوسکی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ایل پی جی گیس کا سرکاری نرخ مقرر کیا جائے غیر قانونی طور پر فلنگ کا نوٹس لیا جائے

بقیہ 22 باعث

سے نہ صرف ریونیو نظام مزید مضبوط ہوگا بلکہ شفافیت اور بہتر انتظامی امور کو بھی فروغ ملے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ہری پور کی نگرانی میں سیشن کے تمام انتظامات نہایت احسن انداز میں مکمل کیے گئے، جن میں مقام، حاضری، تکنیکی سہولیات اور مجموعی نظم وضبط شامل تھے۔ تربیتی سیشن کامیابی سے منعقد ہوا اور شرکا نے اسے انتہائی مفید، معلوماتی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کا باعث قرار دیا۔

بقیہ 23 پھلڑہ

پلانٹ مزید بند رہنے کی وجہ سے کسی دوسری جگہ منتقل ہوجائے گا یونین کونسل پھلڑہ کے عمائدین نے کہا ہے کہ بجلی فراہم نہ ہونے کی صورت میں آر ایچ سی پھلڑہ میں نصب شدہ امریکن این جی اوز کا جدید ترین ایکسرے پلانٹ کہیں اور منتقل کردیا جائے گا اور یونین کونسل پھلڑہ کی غریب عوام ایکسرے کی سہولت سے محروم رہے گی اور اس کی تمام تر ذمہ داری سیاسی رہنماؤں نمائندوں پر ہوگی آر ایچ سی پھلڑہ کے لئے انچارج نیورو سرجن ڈاکٹر محمد ابراہیم نے حاصل کیا ایکسرے پلانٹ کی تنصیب مکمل ہونے پر بجلی کی کم وولٹیج کی وجہ سے وہ چل نہ سکا جس کے لئے آر ایچ سی پھلڑہ میں پچاس کے وی ٹرانسفارمر کی ضرورت ہے اگر مزید کچھ دن ٹرانسفارمر فراہم نہ ہوسکا تو آر ایچ سی پھلڑہ میں نصب جدید ترین ڈیجیٹل ایکسرے پلانٹ این جی اوز کسی دوسری جگہ منتقل کردے گی اور یونین کونسل پھلڑہ کی عوام اس اہم سہولت سے محروم ہوجائے گی

بقیہ 24 مطالبہ

بند ہے، جس سے روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہو چکی ہے۔ گھروں میں پینے کے پانی تک کی کمی ہوگئی جبکہ خواتین اور بچے دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور

مانسہرہ ' خطیب جامع مسجد مٹیاں مولانا قاضی مشتاق میڈیا نمائندوں سے گفتگو کر رہے ہیں

سورج کے 2 طاقتور دھماکے، زمین پر جیومقناطیسی طوفان کا خدشہ

جیومقناطیسی طوفان کا خدشہ

ہری پور(اسپیشل رپورٹر)سورج کے 2طاقتور دھماکے، زمین پر جیومقناطیسی طوفان کا خدشہ سورج میں حالیہ دنوں کے دوران غیر معمولی سرگرمی ریکارڈ کی گئی ہے، جہاں صرف 7 گھنٹوں کے اندر دو طاقتور X2.5درجے کے شمسی شعلے خارج ہوئے،جنہیں گزشتہ 78 دنوں کی سب سے شدید خلائی سرگرمی قرار دیا جا رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ دونوں دھماکے سورج کے ایک فعال اور غیر مستحکم سن اسپاٹ ریجن(بقیہ صفحہ 3نمبر 7 3)

بجلی بند ہونے کے ساتھ ہی پی ٹی سی ایل کا انٹرنیٹ بھی بند ہو جاتا ہے

مانسہرہ(خصوصی رپورٹر)مانسہرہ لاری اڈہ میں پچھلے کچھ مہینوں سے جیسے ہی بجلی جاتی ہے بجلی جانے کے ساتھ ہی فوری طور پر پی ٹی سی ایل کا انٹرنیٹ بھی بند ہو جاتا ہے جو کہ بہت دفعہ شکایات کرنے کے باوجود کم وپیش محکمہ اس کو چلاتا ہے جن کو جب شکایت کراتے ہیں تو اگے سے ان کا جواب یہی ہوتا ہے کہ ہمارے جو پاور ہاس ہے(بقیہ صفحہ 3نمبر 3 5)

مانسہرہ میں تقریب یکم مئی دن 4بجے منعقد ہوگی

مانسہرہ(نیوزر پورٹر) یکم مئی یوم مزدور، مانسہرہ میں تقریب یکم مئی دن 4بجے منعقد ہوگی، تفصیلات کے مطابق یکم مئی)لیبر ڈے (کے موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی مانسہرہ کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب یکم مئی بروز جمعہ ریڈروز ہوٹل بائی(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 3)

ہندکو تصنیف قینچی کا انگریزی ترجمہ، ''فیڈنگ ایکوز'' کی تقریبِ رونمائی

ماہر تعلیم مس شگفتہ عامر اور تاج الدین تاج نے انگریزی زبان میں اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے

ایبٹ آباد(نمائندہ خصوصی)بزمِ علم وفن ہزارہ پاکستان کے زیرِ اہتمام معروف سول سرونٹ اور ادیب محمد سلیم اف بالاکوٹ کی جانب سے احمد حسین مجاہد کی ہندکو تصنیف قینچی کا انگریزی ترجمہ،"فیڈنگ ایکوز " کی تقریبِ رونمائی منعقد ہوئی۔ ماڈرن ایج گرلز کیمپس کے سعید قریشی سیمینار ہال میں منعقدہ اس ادبی نشست میں علمی وادبی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور ادب کے فروغ کے حوالے سے قیمتی خیالات کا اظہار کیا۔ تقریب کی صدارت محمد سلیم نے کی جبکہ میزبانی کے فرائض معروف علمی وادبی شخصیت واحد سراج نے انجام دیے۔حسبِ روایت نظامت کے فرائض ڈاکٹر عامر سہیل نے نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیے۔ تقریب میں معروف ماہر تعلیم مس شگفتہ عامر اور تاج الدین تاج نے انگریزی زبان میں اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے،جنہیں حاضرین کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔میزبانِ محفل واحد سراج نے اپنے خطاب(بقیہ صفحہ 3نمبر 3 8)

قاضی لیاقت حسین کی باوقار سروس کی تکمیل کے موقع پر تقریب

تقریب پیرامیڈیکل ایسوسی ایشن کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ کے زیر اہتمام ہوئی

مانسہرہ(نیوز رپورٹر)پیرامیڈیکل ایسوسی ایشن کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ کے زیرِ اہتمام الائیڈ ہیلتھ آفیسر پیتھالوجی (BS-18) قاضی لیاقت حسین کی باوقار سروس کی تکمیل کے موقع پر ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور اپنی بھرپور وابستگی اور احترام کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوران مقررین نے قاضی لیاقت حسین کی محکمہ صحت میں گراں قدر خدمات، پیشہ ورانہ مہارت، دیانتداری اور دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کو زبردست الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔اس موقع پر انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور یادگاری شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔صدر پیرا میڈیکل ایسوی ایشن راجہ (بقیہ صفحہ 3نمبر 3 6)

جعلی خواجہ سراء کے روپ میں بھیک مانگنے کا انکشاف

مانسہرہ شہر اور اس کے گرد ونواح میں حالیہ دنوں ایک نیا رجحان چل پڑا ہے

مانسہرہ(نیوزر پورٹر)مانسہرہ میں جعلی خواجہ سراں کے روپ میں بھیک مانگنے کا انکشاف، شہریوں میں تشویش،مانسہرہ شہر اور اس کے گرد ونواح میں حالیہ دنوں ایک نیا رجحان چل پڑا ہے جہاں مبینہ طور پر پنجاب سے آئے کچھ نوجوان جو کہ مختلف جھگیوں اور کرائے کے گھروں میں رہائش پزیر ہیں خواجہ سراں کا روپ دھار کر بھیک مانگنے میں مصروف ہیں۔ اس صورتحال نے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے اور پرامن ماحول متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے مقامی ذرائع کے مطابق یہ افراد (بقیہ صفحہ 3نمبر 3 3)

مانسہرہ، ضلع تناول کے حصول کے حوالے سے قومی تحریک تناول کے زیر اہتمام مشاورتی اجلاس سے رستم خان تنولی و دیگر عہدیداران خطاب کرتے ہوئے

جلال بابا آڈیٹوریم میں محمد اسحاق شیخ کے لیے تعزیتی ریفرنس

جماعت اسلامی کے مقررین کی جانب سے دینی وعلمی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین

ایبٹ آباد(نمائندہ شمال)جلال بابا آڈیٹوریم میں سابق امیر جماعت اسلامی ایبٹ آباد محمد اسحاق شیخ کے لیے تعزیتی ریفرنس، دینی وعلمی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین ایبٹ آباد: جلال بابا آڈیٹوریم میں ممتاز دینی و سماجی شخصیت و سابق امیر جماعت اسلامی مرحوم محمد اسحاق شیخ کے ایصالِ ثواب اور خدمات کے اعتراف کے لیے ایک پروقار تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا،جس میں ہزارہ بھر سے علما، سیاسی و سماجی رہنماں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تعزیتی ریفرنس سے سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق، امیر جماعت اسلامی ہزارہ عبدالرزاق عباسی، ڈائریکٹر(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 8)

سیکرٹری بورڈ جہاد محمد کا چیئرمین ایبٹ آباد بورڈ عنایت اللہ وسیم کے ہمراہ پریکٹیکل امتحان کے مراکز کا دورہ

زمینوں کی رجسٹریشن کے نظام میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ

لینڈ ریکارڈز ڈیپارٹمنٹ نے صوبہ بھر میں ای۔رجسٹری سسٹم کے نفاذ کا اعلامیہ جاری کر دیا

پھلڑہ(محمد سعید سے)خیبر پختونخوا میں زمینوں کی رجسٹریشن کے نظام میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ خیبر پختونخوا میں زمینوں کی رجسٹریشن کے نظام میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔لینڈ ریکارڈز ڈیپارٹمنٹ نے صوبہ بھر میں ای۔رجسٹری سسٹم کے نفاذ کا اعلامیہ جاری کر دیا ہے،جس کے تحت 15جون2026 سے مینول رجسٹریشن مکمل طور پر ختم کر دی جائے گی۔اعلامیے کے مطابق ای۔رجسٹری سسٹم کے نفاذ سے رجسٹریشن کے عمل کو جدید، شفاف اور تیز بنانے میں مدد ملے گی۔اس مقصد کے لیے صوبے بھر کے سب رجسٹرارز کی ٹریننگ کا شیڈول بھی جاری کر دیا گیا ہے۔پہلے مرحلے کی ٹریننگ 29اپریل سے شروع ہوگی جبکہ دوسرے مرحلے کی ٹریننگ 30اپریل کو منعقد کی جائے گی۔حکام کے مطابق تمام سب رجسٹرارز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ٹریننگ سیشن میں اپنے ہمراہ لیپ ٹاپ ضرور لائیں۔مزید بتایا گیا ہے کہ ٹریننگ کے دوران نہ صرف(بقیہ صفحہ 3نمبر 9 5)

سابق ایم پی اے نعیمہ نثار پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی صوبائی صدر نامزد

پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر مہاجرین کی صوبائی صدر نامزدگی کا نوٹیفکیشن جاری

ایبٹ آباد(نمائندہ خصوصی)سابق رکن خیبر پختونخوا اسمبلی نعیمہ نثار وڈوثرن صدر پاکستان انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آرگنائزیشن ویمن ونگ کو پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر مہاجرین کی صوبائی صدر نامزدگی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی جنرل سیکرٹری ویمن ونگ سیدہ شگفتہ نورین کاظمی نے مرکزی صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر ویمن ونگ محترمہ شاہین کوثر ڈار سابق ڈپٹی اسپیکر آزاد کشمیر کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔نومنتخب صوبائی صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر مہاجرین ویمن ونگ کے پی کے نعیمہ نثار کو جلد از جلد تنظیم سازی کی ہدایت کی گئی ہے۔پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی قیادت نے قوی توقع کا اظہار کیا کہ نعیمہ(بقیہ صفحہ 3نمبر 5 8)

کھلابٹ،دوفریقین میں راضی نامے کے بعد ڈی ایس پی صدر محمد عارف،ایس ایچ او تھانہ کھلابٹ کا دونوں فریقین کے ہمراہ گروپ فوٹو

مانسہرہ' آریا راجپوت انٹرنیشنل ایسوسی ایشن کے ضلعی عہدیداران شیخ کامران اقبال' شیخ شوکت' عبدالرحمٰن بھٹی و دیگر کا مشاورتی اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

مانسہرہ میں جے یو آئی دھچکا، فیاض سلہریا پی ٹی آئی میں شامل

عمران خان جیسے لیڈر صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں، مخالفین کو شکست دیں گے، فیاض سلہریا

مانسہرہ(نیوز رپورٹر)مانسہرہ جمعیت علما اسلام (ف)کو بڑا دھچکا، مقامی رہنما فیاض سلہریا نے پارٹی چھوڑ کر پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کر لی۔صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے فیاض سہریا کا کہنا تھا کہ انہوں نے ساری زندگی کشمیر کمیونٹی کی خدمت کی ہے اور اب آزاد کشمیر کے آئندہ عام انتخابات میں حصہ لینے کے لیے پارٹی ٹکٹ کی درخواست بھی دے دی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر پارٹی قیادت نے اعتماد کیا تو وہ بھرپور طریقے سے الیکشن میں حصہ لیں گے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی(بقیہ صفحہ 3نمبر 2 8)

دنیا کی تمام مصیبتوں سے نجات کا ذریعہ احکامات الٰہی میں ہے

اللہ کے احکامات اور سنت رسولؐ کی پیروی کرنا یہی کامیابی کا ضامن ہے، مولانا قاضی مشتاق

مانسہرہ(نیوز رپورٹر)ممتاز عالمِ دین وخطیب جامع مسجد مٹیاں کشمیری بازار مولانا قاضی مشتاق نے کہا ہے کہ دنیا کی تمام مصیبتوں اور مشکلات سے نجات کا واحد راستہ اللہ تعالی کے احکامات کے مطابق زندگی گزارنا اور سنتِ رسولؐ کی پیروی کرنا ہے یہی حقیقی کامیابی اور فلاح کا ضامن ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر کشمیر کمیونٹی کے رہنما فیاض سہلر یا بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ مولانا قاضی محمد مشتاق نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں انسان مختلف مسائل اور پریشانیوں کا شکار ہے جس کی بنیادی وجہ دین سے دوری ہے۔انہوں نے زور دیا کہ اگر انسان اپنی زندگی کو قرآن (بقیہ صفحہ 3نمبر 2 9)

ایبٹ آباد؛ماڈرن ایج سکول سسٹم میں بزم علم وفن کے موقع پر واحد سراج میر ودیگر سٹیج پر بیٹھے ہیں

پیوٹیفکیسن 15 کروڑ روپے کی خطیر رقم کا باقاعدہ ٹینڈر جاری

ان منصوبوں کی تکمیل سے حلقے کی مجموعی ترقی میں نمایاں بہتری آئے گی

حویلیاں(نمائندہ شمال)افتخار خان ممبر صوبائی اسمبلی کی کاوشوں سے پیوٹیفکیسن 15 کروڑ روپے کی خطیر رقم کا باقاعدہ ٹینڈر جاری تفصیلات کے مطابق حلقہ کی خوبصورتی کے لیے ایم این اے علی اصغر خان اور چیئرمین ڈیڈک، ایم پی اے افتخار احمد خان جدون کی خصوصی کاوشوں سے 15 کروڑ روپے کے پیوٹیفکیشن فنڈز پر باقاعدہ ٹینڈرز جاری کر دیے گئے ہیں۔اس اہم منصوبے کے تحت حلقہ پی کے 44کے مختلف علاقوں میں خصوصی حویلیاں شہر میں سیوریج سسٹم، سٹریٹ لائیٹس، حویلیاں شہر کے انٹری گیٹ، ڈمپنگ پوائنٹ، شہر میں لیڈیز واش رومز، حویلیاں تھانے کی سیڑھیاں اسی طرح شیروان بازار بجیکوٹ بازار،ن ودلہ بازار میں سٹریٹ لائٹس کیساتھ (بقیہ صفحہ 3نمبر 3 0)

ٹیوٹا ہائی ایس اور موٹر سائیکل میں تصادم سے دو افراد زخمی

اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی، فرسٹ ایڈ بعد زخمی ہسپتال منتقل

ہری پور(اسپیشل رپورٹر)ہری پور درویش میں ٹیوٹا ہائی ایس اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق حادثہ درویش کے مقام پر اس وقت پیش آیا جب ایک تیز رفتار ٹیوٹا ہائی ایس نے (بقیہ صفحہ 3نمبر 1 3)

آریا راجپوت انٹرنیشنل ایسوسی ایشن ضلع مانسہرہ کا اجلاس

تنظیم سازی اور ممبر سازی کے عمل کو موثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال

مانسہرہ(تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار)آریا راجپوت انٹرنیشنل ایسوسی ایشن پاکستان ضلع مانسہرہ کے زیر اہتمام ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا/جس میں راجپوت برادری کو درپیش مسائل، تنظیم سازی اور ممبر سازی کے عمل کو مثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ صفحہ 3نمبر 3 2)

غریب عوام آج دو وقت کی روٹی سے محروم ہو رہی ہے

حکومت کی ظالمانہ پالیسیوں نے غریب کے لئے مشکلات پیدا کر دی ہیں، سنجیدہ حلقے

پھلڑہ(نمائندہ شمال) حکومت کی ظالمانہ پالیسیوں سے آج غریب عوام دو وقت کی روٹی سے محروم ہو رہی ہے گیس بند، بجلی بند، سمارٹ لاک ڈاؤن اور تعلیمی ایمرجنسی، جنگ دوسرے ممالک میں اور پابندی پاکستان میں حکومت کی عوام کش پالیسیوں پر سنجیدہ حلقوں نے کہا ہے کہ وطن عزیز میں جب بھی جمہوری حکومت آتی ہے لوٹ مار کرپشن بڑھ جاتی ہے اور غریب عوام کے لئے مشکلات پیدا ہوتی ہیں مسلم لیگ ن غریب عوام کے لئے دردسر بن گئی ہے اور شیر نے گیس بجلی تیل تعلیم کھانے کے بعد اب عوام کو کھانا شروع کر دیا ہے حالیہ پٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ کے کرایوں میں اضافہ ہونے (بقیہ صفحہ 3نمبر 7 4)

اگر رعایت مل جاتی ہے تو لیوی میں اضافہ نہیں کرنا پڑے گا

رعایت نہ ملی تو لیوی پیٹرول یا ڈیزل پر لگانے کا فیصلہ کرنا ہوگا، علی پرویز ملک

ہری پور(اسپیشل رپورٹر)وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ ہم آئی ایم ایف سے مستقل بات چیت کر رہے ہیں،۔رعایت مل جاتی ہے تو لیوی میں اضافہ نہیں کرنا پڑے گا، رعایت نہ ملی تو اگلے جمعہ 50،55روپے لیوی پیٹرول یا ڈیزل پر لگانے کا فیصلہ کرنا ہو گا۔تفصیلات کے مطابق وزیراعظم،اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل مستقل جنگ بندی کی کوشش کر رہے ہیں،بحران میں داخل ہوئے تو پاکستان کے پاس اربوں ڈالر اور اسٹریٹجک ذخائر نہیں تھے۔علی پرویز نے کہا کہ لوگوں کو تکلیف ہوئی لیکن تیل کی دستیابی میں مشکل نہیں ہوئی،ہم نے صوبوں کے ساتھ مل کر 100ارب روپے(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 6)

ہری پور میں گرمی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے

شہریوں نے دوپہر سے عصر تک گھروں سے نکلنے سے اجتناب کرنا شروع کر دیا

ہری پور(سٹی رپورٹر)ہری پور میں گرمی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے جس کے باعث دوپہر کے اوقات میں سڑکوں پر سناٹا چھا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق شدید دھوپ اور حبس کے باعث شہریوں نے دوپہر سے عصر تک گھروں سے نکلنے سے اجتناب کرنا شروع کر دیا ہے۔اہم شاہراہیں اور بازار جو عام دنوں میں مصروف رہتے ہیں،اب دوپہر کے وقت ویرانی کا منظر پیش کرتے ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ گرمی کی شدت اس قدر بڑھ چکی ہے کہ باہر نکلنا مشکل ہو گیا ہے، جس کی وجہ سے لوگ سایہ دار مقامات کا رخ کرنے یا گھروں میں رہنے کو ترجیح دے رہے(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 5)

مانسہرہ،ضلعی صدر یونین آف جرنلسٹس اشتیاق خان تنولی میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری اطلاعات شیخ نذیر بھی ہمراہ

جہاد محمد کا عنایت اللہ وسیم کے ہمراہ امتحانی مراکز کا معائنہ

گورنمنٹ ہائی سکول چٹہ بٹہ کے سنٹر میں ہونے والے پریکٹیکل امتحان میں شریک طلبا کا جائزہ لیا

شنکیاری(خبر نگار)جہاد محمد سیکریٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد نے چیئرمین ایبٹ آباد بورڈ عنایت اللہ وسیم کے ہمراہ پریکٹیکل امتحانی مراکز کا اچانک معائنہ کیا انھوں نے گورنمنٹ ہائی سکول چٹہ بٹہ کے سنٹر میں ہونے والے پریکٹیکل امتحان میں شریک طلبا کا جائزہ لیا سیکریٹری بورڈ جہاد محمد نے طلبا سے مختلف سوالات کئے اور پریکٹیکل کی کاپیاں بھی چیک کیں اس موقع پر سیکرٹری بورڈ جہاد محمد نے کہا کہ ایبٹ آباد بورڈ نے میٹرک کا امتحان شفاف طریقے سے مکمل کیا جس کے لئے امتحانی عملہ سپرٹینڈنٹ ڈپٹی سپرٹینڈنٹ نگران عملہ مانیٹرنگ ٹیم کے ارکان انسپکٹرز ریذیڈنٹ انسپکٹر نے اپنے اپنے فرائض بطریق احسن سرانجام دئے جس کے لئے ان کے مشکور ہیں(بقیہ صفحہ 3نمبر49)

چوہدری ایاز اور چوہدری عظمت کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے

پورا معاشرہ اس ناحق قتل پر رنجیدہ ہے، ڈی ایس پی سٹی ہریپور سعید خان جدون

ہری پور(کرائم رپورٹر)چوہدری ایاز اور چوہدری عظمت کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے، پورا معاشرہ اس ناحق قتل پر رنجیدہ ہے۔ڈی ایس پی سٹی ہریپور سعید خان جدون نے ٹراما سینٹر میں لواحقین کے احتجاج کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک ملزم گرفتار ہو چکا ہے جبکہ دوسرے ملزم کو بھی جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ ملزمان کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دلوائی جائے گی۔قبل ازیں چودھری برادری کے رہنما اور مرحوم چودھری ایاز خان کے کزن چودھری محمد صدیق نے احتجاجی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا احتجاج مکمل طور پر پرامن ہے اور ہمارا واحد مطالبہ(بقیہ صفحہ 3نمبر 5 0)

سردار محمد یوسف حاجی محمد معروف کی رہائش گاہ پر گئے

وفاقی وزیر نے معروف اعوان کی ہمشیرہ اور منصف حسین کی بھابھی وفات پر تعزیت کی

بالاکوٹ(نمائندہ شمال)وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف گزشتہ روز دورہ بالاکوٹ کے دوران گرلاٹ میں چنیر مین گرلاٹ حاجی محمد معروف کی رہائش گاہ پر گئے جہاں انہوں نے سرفراز پردیسی کی اہلیہ اور بہو چنیر مین گرلاٹ حاجی محمد معروف اعوان کی ہمشیرہ اور سیکرٹری منصف حسین کی بھابھی جو پانو انٹر چینج کے قریب ٹریفک کے المناک حادثہ میں انتقال کر گئیں تھیں اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر سابق تحصیل ناظم سید جنید علی قاسم قاضی محمد صادق فاروق مغل سردار لیاقت کسانہ سمیت دیگر سیاسی سماجی شخصیات و اہلیان علاقہ بھی موجود تھے ان کا کہنا تھا کہ یہ ا(بقیہ صفحہ 3نمبر 6 0)

کھلابٹ میں ٹی بی کنٹرول پروگرام کے تحت چسٹ کیمپ کا انعقاد

عوام میں ٹی بی سے متعلق آگاہی پیدا کرنا، بیماری کی روک تھام کے لئے آگاہی دی گئی

کھلابٹ(اسپیشل رپورٹر)کھلابٹ میں ایسوسی ایشن فار کمیونٹی ڈویلپمنٹ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کے زیر اہتمام ٹی بی کنٹرول پروگرام کے تحت اسکریننگ/چسٹ کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ کی کوآرڈینیشن شیخ صباحت، عمر شہزاد، آرش محمود اور ملک اظہر خان نے کی جبکہ کیمپ کی میزبانی اللہ یار خان(ڈسٹرکٹ جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی)اور صداقت خان نے انجام دی اس موقع پر ڈپٹی ڈی ایچ او/ڈسٹرکٹ ٹی بی کوآرڈینیٹر ہریپور ڈاکٹر شیر بہادر نے او پی ڈی خدمات سرانجام دیں،جبکہ پشاور سے ریجنل کوآرڈینیٹر سید الماس نور نے بھی خصوصی شرکت کی کیمپ میں 50سے زائد افراد کی اسکریننگ کی گئی جن میں سے 2افراد میں ٹی بی کی تشخیص ہوئی۔دونوں مریضوں کو پروگرام کے تحت مفت ادویات فراہم کر دی گئیں تا کہ فوری علاج شروع کیا جا سکے۔منتظمین نے کہا کہ ایسے کیمپس کا مقصد بروقت تشخیص اور عوام میں ٹی بی سے (بقیہ صفحہ 3نمبر 6 1)

تعمیر وطن مانسہرہ کیمپس کیڈ ائریکٹر ایڈمنسٹریشن ائیر کموڈور محمد سیف الاسلام اور گرلز کیمپس ایبٹ کے ڈائریکٹر اکیڈیمکس محمد شفیق اعوان انٹری ٹیسٹ کے موقع پر طلبہ کے والدین سے خطاب کر رہے ہیں

دنیا میں سالانہ 24 کروڑ سے زائد افراد کا بھنگ اور چرس کے عادی ہونے کا انکشاف

ہری پور(کرائم رپورٹر)دنیا میں سالانہ 24 کروڑ سے زائد افراد کا بھنگ اور چرس کے عادی ہونے کا انکشاف سامنے آیا ہے لہذا بھنگ سب سے زیادہ استعمال ہونے والی منشیات بن گئی ہے۔بھنگ اور چرس میں پہلے 3سے 5فیصد ٹی ایچ سی نامی نشہ اور کیمیکل ہوتا تھا اب 90فیصد پہنچ گیا۔دوسری جانب دنیا بھر میں بھنگ(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 0)

کالج آف نرسنگ کی گریجویشن کی پشاور میں شاندار تقریب

مہمان خصوصی ایم ڈی ایف ایڈوازر ایم پی شہلا شاہ بانو ایبٹ باد نے شرکت کی

ایبٹ آباد(ڈسٹرکٹ رپورٹر)کالج آف نرسنگ کی گریجویشن کی تقریب شیلٹن ایچ ایم سی ریزیڈور پشاور میں نہایت شاندار انداز میں منعقد ہوی جس کی مہمان خصوصی ایم ڈی ایف ایڈوازر ایم پی شہلا شاہ بانو ایبٹ باد نے شرکت کی اس موقع پر انکیبھر اہ ڈاکٹر جاوید اور ڈاکٹر حمزہ بھی موجود تھے اور جنرل سیکٹری فیڈرل یوتھ پارلیمنٹ ثاقب خان نیھی شرکت کی منعقدہ تقریب میں پچاس سیز اد طلبا وطالبات کو ڈگریوں سینوازا گیا تقریب سے خطاب کرتے ہوے ایم پی اے شہلا شاہ بانو نے طلبا کی محنت قربانیوں اور لگن کو سہرا کرانہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوے کہا کہ ج پ نے اپنی بہترین صلاحتیوں کا لوہا منوایا پچھسکی بدولت ج ا پکو اسکا صلہ مل گیا ہے انہوں نے کہا کہ پ لوگ (بقیہ صفحہ 3نمبر 9 3)

شنکیاری میں ٹریفک پولیس نے منی اڈوں کا خاتمہ کر دیا

غیر قانونی پارکنگ کرنے والی گاڑیوں کے چالان، ٹریفک کو رواں دواں کر دیا

شنکیاری(بیوروچیف)شنکیاری میں ٹریفک پولیس حرکت میں آ گئی ٹی او عابد خان اور ان کی ٹیم نے شنکیاری میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لیتے ہوئے منی اڈوں کو ختم کر کے ٹریفک کو رواں دواں کر دیا گیا غیر قانونی طور پر پارکنگ کرنے والی گاڑیوں کے چالان کاٹے گئے سخت دھوپ میں بھی شاہراہ ریشم پر ڈیوٹی کرتے ہوئے روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بحال کر دیا کم سن موٹر سائیکل سواروں کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی گئی اسی طرح عوامی شکایات پر زائد کرایہ وصول کرنے والی گاڑیوں کے خلاف بھی کارروائی کی اہلیان شنکیاری نے ٹریفک پولیس کی شاندار کارکردگی (بقیہ صفحہ 3نمبر 1 4)

صدر اپٹا ضلع مانسہرہ عتیق مغل کی ہدایت اللہ سے ملاقات

ملاقات میں سکولوں کی تعمیر اور اضافی کمرہ جات کے بارے میں گفتگو کی گئی

بفہ(نیوز رپورٹر)صدر اپٹا ضلع مانسہرہ عتیق مغل کی ایڈیشنل ڈائریکٹر پی اینڈ خیبر پختونخوا ھدایت اللہ سے ملاقات جس میں سکولوں کی تعمیر اور اضافی کمرہ جات کے بارے میں گفتگو اس بار فرنیچر کی مد میں پورے صوبے میں سب سے زیادہ فنڈ ضلع مانسہرہ کو دیا گیا اور جناب ھدایت اللہ صاحب نے کہا کہ پورے صوبے میں کوئی بھی بچہ زمین پر نہیں بیٹھے گا ہر بچہ فرنیچر پہ بیٹھے گا مانسہرہ میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر رہا تمام اساتذہ اور عوام نے بہت عزت دی میرا چھ ماہ کا عرصہ یادگار رہا میرا مشن میرٹ کی بلا دستی رہا اور رہے گا انہوں ایڈیشنل کمروں کے احوالے سے کہا کہ ہم ایمرجنسی بنیادوں پر کمروں کی رقم متعلقہ ڈسٹرکٹ کو بھیج دیے ہیں اب لوکل آفس کی زمہ داری ھے کہ وہ جلد از جلد سکولز کے پی ٹی سی اکانٹس میں منتقل کر کے کام شروع کروائیں ضلع مانسہرہ میں زلزلہ سے جتنے بھی سکول متاثر ہیں انکو فوری طور پر تعمیر اور تکمیل تک پہنچایا جائے(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 3)

امن معاہدے میں تاخیر دنیا کے ممالک کو مجبوراً امریکہ سے جوڑتی جا رہی ہے

بجنہ(نامہ نگار)ایران۔امن معاہدے میں تاخیر دنیا کے ممالک کو مجبوراً امریکہ سے جوڑتی جا رہی ہے۔یہ بات پاک آرمی لور مومنٹ کے مرکزی صدر رانا شہزادہ نے ایران کی طرف سے پاکستان کی امن اور مصالحتی کوششوں کو بلا جواز طول دیتے دیکھ کر دنیاں کے دیگر ممالک(بقیہ صفحہ 3نمبر 2 4)

ریسکیو 1122 ہری پور میں رضا کاروں کے لیے تربیتی سیشن کا انعقاد

ہری پور(اسپیشل رپورٹر)ڈائریکٹر جنرل ریسکیو 1122 خیبر پختونخواہ شاہ فہد اور ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 ہری پور ظاہر میاں کی ہدایات پر ریسکیو 1122 ہری پور میں رضا کاروں کے لیے فائر فائٹنگ اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے حوالے سے خصوصی تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا تفصیلات کے مطابق ٹریننگ ونگ انچارج ذیشان اور ریسکیو وائنٹیئر انچارج جنید ہمایوں کی سربراہی میں رضا کاروں کو(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 4)

ڈینٹل ٹیکنیشنز کی کلینیکل پریکٹس غیر قانونی قرار دے دی گئی

ہری پور(کرائم رپورٹر)پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے فارماسسٹ، سائیکولوجسٹ اور ڈینٹل ٹیکنیشنز کی کلینیکل پریکٹس غیر قانونی قرار دے دی۔پاکستان میں اتائیت کے بڑھتے رجحان پر پی ایم ڈی سی نے وزارت صحت کو خط لکھ دیا جس میں اتائیت کے باعث ملک بھر خصوصا اسلام آباد اور میر پور خاص میں ایچ آئی وی اور ہیپاٹائٹس پھیلنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔خط کے مطابق تشخیص، دوا تجویز کرنا اور علاج صرف کوالیفائڈ (بقیہ صفحہ 3نمبر 2 5)

جنید آفتاب کا توائی بچت مہم کے تحت مختلف علاقوں کا دورہ

غازی(نیوز رپورٹر)اسسٹنٹ کمشنر غازی، جنید آفتاب نے تحصیل غازی میں توانائی بچت مہم کے سلسلے میں مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔اس موقع پر مارکیٹس، دکانوں اور دیگر کاروباری مراکز کا معائنہ کیا گیا تا کہ بجلی کے غیر ضروری استعمال کو کم سے کم کیا جا سکے۔دکانداروں اور عوام الناس کو ہدایت کی جاتی ہے کہ غیر ضروری(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 5)

سی این جی بند کرنے پر بے روزگاری کی شرح میں ریکارڈ اضافہ

ہریپور(گل جان خان سے)حکومت کی جانب سے لگایا جانے والا طویل لاک ڈان اور سی این جی بند کرنے پر بے روزگاری کی شرح میں ریکارڈ اضافہ،جبکہ مال بردار گاڑیوں کو پنجاب و دیگر اضلاع میں ڈنڈے کے زور پر کھڑی کرنے پر حکومت کے خلاف عوام میں صبر کا لاوا(بقیہ صفحہ 3نمبر 5 5)

طلبا وطالبات کو مختلف امتحانی مراکز میں بھیجنا والدین کے لئے تشویش کا باعث

رول نمبر الگ الگ سنٹروں میں بھیجنا انتہائ